Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 — ہفتہ ، 10 جنوری 2026ء، 20 رجب المرجب 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 271

رمضان پیکیج کیلئے سفارشات تیار کی جائیں، وزیر اعظم

امدادی رقوم کی ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ہی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے، تمام متعلقہ ادارے آئندہ رمضان المبارک کے لیے پچھلے سال سے بھی زیادہ موثر اور سود مند پیکج اور سفارشات مرتب کریں، اجلاس میں ہدایت

وزیراعظم شہباز شریف وفاقی حکومت کے رمضان پیکیج سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کمزور اور سفید پوش طبقے کی مالی معاونت اور سماجی تحفظ کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پہلے سے بھی زیادہ موثر اور بہتر رمضان پیکج کے لئے سفارشات تیار کی جائیں اور امدادی رقوم کی ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ہی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے، تمام متعلقہ ادارے آئندہ رمضان المبارک کے لیے پچھلے سال سے بھی زیادہ موثر (بقیہ نمبر 1)

ملک میں شدید سردی کی لہر کم نہ ہوسکی

کراچی میں بھی پارہ سنگل ڈجٹ میں آگیا، پنجاب اور بلوچستان میں دھند کا راج

اسلام آباد میں پانچ اور لاہور میں سات ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کراچی / کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) ملک میں شدید سردی کی لہر کم نہ ہوسکی، کراچی میں بھی پارہ سنگل ڈجٹ میں آگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 8 ڈگری ریکارڈ کیا گیا، شہر میں سرد ہوائیں چلنے سے بھی (بقیہ نمبر 2)

صنعتی صارفین کیلئے گیس کی لوڈشیڈنگ کا اعلان

صنعتی صارفین کو گیس کی فراہمی اتوار صبح 8 بجے سے پیر کی صبح 8 بجے تک بند رہے گی، ترجمان ایس ایس جی سی

کراچی (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی نے صنعتی صارفین کے لیے گیس کی لوڈشیڈنگ کا اعلان کردیا۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق صنعتی صارفین کو گیس کی فراہمی اتوار صبح 8 بجے سے پیر کی صبح 8 بجے تک بند رہے گی (بقیہ نمبر 5)

ضابطہ فوجداری ترمیم بل 2025ء منظور

ترمیم کا مقصد اپیل دائر کرنے کا عمل تیز کرنا، اجازت کے طویل و پیچیدہ سرکاری طریقہ کار کو ختم کرنا ہے، متن

لاہور (این ای این) پنجاب اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے ضابطہ فوجداری پنجاب ترمیم بل 2025ء کی منظوری دے دی۔ بل کے متن کے مطابق اس ترمیم کے تحت ضابطہ فوجداری کی دفعہ 417 میں تبدیلی کی گئی ہے، جس کا تعلق (بقیہ نمبر 4)

عازمین حج تربیتی ورکشاپس میں شرکت یقینی بنائیں

زیارات کے خواہشمند زائرین پرانے قافلہ سالار سسٹم کے تحت بکنگ نہ کرائیں، وزارت مذہبی امور کا انتباہ

اسلام آباد (اے پی پی): وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ حج 2026 کے تمام عازمین حج تربیتی ورکشاپس میں شرکت یقینی بنائیں جو عازمین ابھی تک اپنے شیڈول کے مطابق تربیت حاصل نہیں کر سکے وہ متبادل تاریخ اور مقام (بقیہ نمبر3)

سرکاری ہسپتالوں میں چینی ساختہ طبی آلات کی اجازت پر غور، ہسپتالوں میں میڈیسن کی فراہمی کے فول پروف طریقہ کار اپنانے کا حکم

سرکاری ہسپتالوں کیلئے نئی میڈیسن لسٹ مرتب کرنے کا حکم

ہسپتالوں میں سیکورٹی گارڈ کیخلاف عوامی شکایات کا سخت نوٹس، سیکورٹی گارڈ، وارڈ بوائے، نرسوں، فارمیسی سٹاف کو باڈی کیم لگانے کا اصولی فیصلہ

پنجاب میں ایم ایس پول قائم کرنے اور صرف پرفارمنس پر تنخواہیں بڑھانے کا فیصلہ، سرکاری ہسپتالوں میں دوران ڈیوٹی ڈاکٹر اور نرس کے موبائل استعمال پر پابندی پر اتفاق

80 ارب روپے میڈیسن کیلئے دے رہے ہیں، ادویات کا نہ ملنا ناقابل فہم ہے، اب عوام کے پیسے، وقت ضائع نہیں ہونگے' مریم نواز

کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کو ہاسپٹل سروے کی ذمہ داری سونپنے پر اتفاق، وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت ہیلتھ پراجیکٹس پر خصوصی اجلاس

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرکاری ہسپتالوں کے لئے نئی میڈیسن لسٹ بنانے کا حکم دے دیا۔ نئی میڈیسن کی لسٹ مرتب کرنے کے لئے کمیٹی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ہیلتھ پراجیکٹس کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں دوران ڈیوٹی ڈاکٹر، نرس کے موبائل استعمال پر پابندی پر اتفاق کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ہسپتالوں کے سیکورٹی گارڈ، وارڈ بوائے، نرسوں، فارمیسی سٹاف کو باڈی کیم لگانے کا اصولی فیصلہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر سرکاری ہسپتال میں روزانہ نو بجے تک مکمل سٹیم کلینگ (Cleaning) (بقیہ نمبر 15)

لاہور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے امریکی بزنس لیڈرز کا اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہا ہے

متعدد سرکاری ڈیپارٹمنٹس میں ڈاؤن سائزنگ کا فیصلہ

ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب کی سربراہی میں 5 رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب کی صوبائی حکومت نے متعدد سرکاری ڈیپارٹمنٹس میں ڈاؤن سائزنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے اس کے لیے 5 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق متعدد ڈیپارٹمنٹس میں ملازمین کی (بقیہ نمبر 6)

پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ڈپٹی سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب محمد اسد کو تبدیل کر (بقیہ نمبر 7)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کا امریکی بزنس کمیونٹی کے وفد کے ساتھ گروپ فوٹو

پاک امریکا تعلقات تاریخ کی مضبوط ترین سطح پر

صدر ٹرمپ متعدد مواقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف سے متعلق مثبت بیانات دے چکے ہیں، امریکی سفارتکار

امریکی حکومت کے ایگزم بینک کے اشتراک سے پاکستان کے اہم معدنی منصوبے ریکوڈک میں کئی ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (این ای این) پاک امریکا تعلقات اس وقت تاریخ کی مضبوط ترین سطح پر ہیں، جس کے نتیجے میں ملک میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری جلد متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی سفارت خانے کے منسٹر کاؤنسلر برائے پبلک ڈپلومیسی اینڈی ہیلس نے کہا کہ موجودہ دور میں پاکستان اور امریکا کے تعلقات اپنی تاریخ کی بہترین سطح پر ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور (بقیہ نمبر 22)

تعلیم وہی ہے جو شعور، روزگار اور معاشرتی مقام دے، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

یونیورسٹی کی اولین ترجیح یہ ہے کہ اس کے گریجویٹس محض ڈگری ہولڈر نہ ہوں بلکہ عملی میدان میں قابلِ روزگار، باصلاحیت اور پُراعتماد ہوں

سمسٹر بہار 2026ء میں میٹرک تا پی ایچ ڈی پروگرامز کے ساتھ ساتھ 12 نئے پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز متعارف کرائے ہیں

اسلام آباد (اے پی پی): علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا ہے کہ تعلیم کا اصل مقصد افراد کو شعور دینا، باعزت روزگار، سماجی مقام اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ خود بھی باوقار زندگی گزار سکیں اور ملک کی سماجی و معاشی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سمسٹر بہار 2026 کے داخلوں کے حوالے اپنے ایک بیان میں کیا۔ (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: پاکستان سپر لیگ کی دو نئی ٹیموں کو حاصل کرنے والی فرموں کے نمائندوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی

فرانس اور ملائیشیا کے سفارتی نمائندوں کی اڈیالہ جیل آمد

راولپنڈی (این این آئی) فرانس اور ملائیشیا کے سفارتخانوں کے نمائندے اڈیالہ جیل راولپنڈی پہنچے ہیں۔ جیل ذرائع کے مطابق ملائیشین سفارتخانے کی نمائندہ مائرہ مدثر اڈیالہ جیل آئیں، جہاں انہیں جیل میں قید ملائیشین خاتون موہا ظلیھی تک قونصل رسائی دی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق موہا ظلیھی (بقیہ نمبر 9)

پنجاب حکومت عدالتی اختیارات کی واپسی کیلئے پراپرٹی اونرشپ ایکٹ میں ترمیم پر رضامند

نئی مجوزہ ترامیم میں ریٹائرڈ سیشن جج پر مشتمل ٹریبونل ختم کرکے حاضر سروس ایڈیشنل سیشن جج کو بطور ٹریبونل مقرر کرنے کی خدمات لی جائینگی

قبضے سے متعلق ضلعی کمیٹیوں کو درخواستیں بھیجنے کا اختیار سول جج کو دیا جائے گا، کمیٹی براہ راست زیرالتوا کیسز پر فیصلہ نہیں کر سکے گی، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت عدالتی اختیارات کی واپسی کے لیے پراپرٹی اونرشپ ایکٹ میں ترمیم لانے کے لیے رضامندی ظاہر کرتے ہوئے ایک قدم پیچھے ہٹنے پر تیار ہو گئی۔ بی بی سی نے باوثوق ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ نئی مجوزہ ترامیم میں ریٹائرڈ سیشن جج پر مشتمل ٹریبونل ختم کرکے حاضر سروس ایڈیشنل سیشن جج کو بطور ٹریبونل مقرر کرنے کی خدمات لی جائیں گی، قبضے سے متعلق ضلعی کمیٹیوں کو درخواستیں بھیجنے کا اختیار سول جج کو دیا جائے گا، کمیٹی براہ راست زیرالتوا کیسز پر فیصلہ نہیں کر سکے گی۔ ذرائع (بقیہ نمبر 16)

سرکاری سکولوں کی چھتوں پر بسنت منانے کی تجویز

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے پکی لینٹر والی چھتوں کا ڈیٹا مانگ لیا

لاہور (این این آئی) سرکاری سکولوں کی چھتوں پر بسنت منانے کی تجویز سامنے آئی ہے، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے پکی لینٹر والی چھتوں کا ڈیٹا مانگ لیا۔ (بقیہ نمبر 23)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ ایڈمنسٹریٹو سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چائلڈ اور بانڈڈ لیبر کے خاتمے کیلئے اعلیٰ سطحی اسٹیئرنگ کمیٹی قائم

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے امریکی بزنس لیڈرز کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات

امریکی وفد کی وزیراعلیٰ کے وژن، اصلاحاتی ایجنڈے کی بھرپور تعریف، باہمی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں چائلڈ اور بانڈڈ لیبر کے خاتمے کے لیے اعلیٰ سطحی اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر دی ہے، جسے ایک تاریخی اور بروقت فیصلہ قرار دیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے امریکی بزنس لیڈرز کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں ڈیوڈ چیتھم (Velocity Retall)، براؤننگ تھورنٹن (بقیہ نمبر 10)



کراچی: وزیر محنت وافرادی قوت سندھ سعید غنی کراچی ایئرپورٹ پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

موسم کی خرابی، فلائٹ آپریشن متاثر، 6 پروازوں کو متبادل ایئرپورٹس پر اتارا گیا

اسلام آباد (این این آئی) موسم کی خرابی کے باعث اسلام آباد کا فلائٹ آپریشن متاثر ہونے کے سبب 6 پروازوں کو متبادل ایئرپورٹس پر اتارا گیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق مختلف ایئرپورٹس کی 50 پروازوں کی آمد اور (بقیہ نمبر 17)

چینی شمسی ٹیکنالوجی سے پاکستان میں توانائی بحران میں کمی

شمسی توانائی نے زرعی شعبے میں بجلی کے بحران کو شکست دی

لاہور (این این آئی) کئی برسوں تک راشد اکرم اور ان کے اہل خانہ کو لاہور کی شدید گرمیوں کا سامنا کرنا پڑا، جہاں درجہ حرارت اکثر 45 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز (بقیہ نمبر 24)



نارووال: فیض احمد فیض پارک کا ایک خوبصورت منظر

بانی قید تنہائی میں ہیں، ہمیں نہیں معلوم وہ کس حال میں ہیں، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی قید تنہائی میں ہیں ہمیں نہیں معلوم وہ کس حال میں ہیں۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ حکومت عدالتی احکامات ماننے کو تیار نہیں، (بقیہ نمبر 11)

کالعدم ٹی ٹی پی پر بانی پی ٹی آئی کا جو موقف رہا ہے وہ کسی سے چھپا ہوا نہیں

پی ٹی آئی کی قیادت کا طالبان کے لیے ہمیشہ نرم گوشہ رہا ہے، شرجیل میمن

ان کے اپنے صوبے میں معصوم جانیں ضائع ہو رہی ہیں، صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی پر بانی پی ٹی آئی کا جو موقف رہا ہے وہ کسی سے چھپا ہوا نہیں۔ ایک انٹرویو میں (بقیہ نمبر 18)

خواتین کو ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی میں نمایاں تیزی

سال 2025 میں 2 لاکھ 48 ہزار سے زائد خواتین نے لائسنسنگ سہولیات سے استفادہ کیا

خواتین بااختیار ہوں گی تو معاشرے میں ایک واضح تبدیلی نظر آئیگی' ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن پر ٹریفک پولیس خواتین کو خودمختار بنانے میں ہردم کوشاں ہے، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر خواتین کو ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی میں تیزی، سال 2025 میں 2 لاکھ 48 ہزار سے زائد خواتین نے لائسنسنگ سہولیات سے استفادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق سال 2025 میں گزشتہ سال کی نسبت 42 فیصد خواتین نے زیادہ (بقیہ نمبر 25)

پی ٹی آئی کا کراچی میں تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ کرنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کراچی میں تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سندھ کے دورے کے موقع پر جاری پیغام میں سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا پیغام سندھ کے کونے کونے تک پہنچاؤں گا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 12)

پنجاب کے تعلیمی اداروں کی چھٹیوں میں اضافے کی تردید

تمام تعلیمی ادارے 12 جنوری سے ہی کھلیں گے، وزیر تعلیم رانا سکندر

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے تعلیمی اداروں کی چھٹیوں میں اضافے کی تردید کردی۔ وزیر تعلیم پنجاب نے کہا کہ تمام اسکولز، (بقیہ نمبر 19)

الیکٹرک بائیکس اسکیم عام آدمی کیلئے متعارف کروانے کا فیصلہ

صوبائی کابینہ کا سرکاری ملازمین کے لیے ہیلتھ انشورنس اسکیم متعارف کروانے کا بھی اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کابینہ نے صوبے میں الیکٹرک بائیکس اسکیم عام آدمی کے لیے متعارف کروانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 21 واں اہم اجلاس ہوا۔ صوبائی کابینہ نے وزیراعظم کی جانب (بقیہ نمبر 13)

شامی فوج اور ایس ڈی ایف کی لڑائی میں 9 شہری جاں بحق، 55 زخمی

حلب (این این آئی) شام کے شہر حلب میں سرکاری افواج اور شامی ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) کے درمیان کشیدگی میں شدید اضافہ ہو گیا ہے، ایس ڈی ایف حملوں میں 9 شہری جاں بحق اور 55 زخمی ہو (بقیہ نمبر 27)

امریکا، فیڈرل ایجنٹس کی فائرنگ سے مزید 2 افراد زخمی

ملزمان نے گاڑی سے کچلنے کی کوشش کی، اپنے دفاع میں فائرنگ کی، اہلکار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ حکام کی جانب سے فائرنگ کا ایک اور واقعہ پیش آیا جس میں خاتون اور مرد کو گولی مار کر زخمی کیا گیا ہے۔ ریاست اوریگن کے شہر پورٹ لینڈ میں آئس حکام نے خاتون اور مرد کو گولی ماردی، دونوں افراد کو زخمی حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی کا دعوی ہے کہ بارڈر (بقیہ نمبر 26)

فرائیڈ فش کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے چیکنگ مہم

481 فرائنگ فش پوائنٹس کی چیکنگ، 560 لیٹر استعمال شدہ آئل، ایک من ناقص مچھلی تلف کر دی گئی' عاصم جاوید

2 پوائنٹس بند، 315 پوائنٹس کو 7 لاکھ 72 ہزار کے جرمانے عائد، 300 سے زائد پوائنٹس کو مزید بہتری کیلئے اصلاحی نوٹسز جاری

لاہور (این ای این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے سردیوں میں عوام میں بے حد مقبول فرائیڈ فش کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں جامع چیکنگ مہم جاری رکھی ہوئی ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں فرائنگ فش پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی۔ 481 فرائنگ فش پوائنٹس کی چیکنگ، استعمال شدہ آئل میں فرائنگ پر 2 پوائنٹس بند، 153 پوائنٹس (بقیہ نمبر 14)

سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کا نہر کنارے درختوں کی کٹائی پر اظہار برہمی

متعدد بار درختوں کی کٹائی سے روکنے کا حکم دیا، درختوں کی کٹائی پر ایس ایچ او کو بلا کر پرچہ درج کراؤں گا

اس معاملے کی تحقیقات کرائی جائیں گی جبکہ سوموار کو اس معاملے کی تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے' جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ کے تدارک سے متعلق درخواستوں پر سماعت کے دوران ڈاکٹرز ہسپتال کے قریب نہر سے درختوں کی کٹائی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے شہری ہارون سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل اظہر صدیق نے عدالت کو آگاہ کیا کہ ڈاکٹرز ہسپتال کے سامنے نہر کے کنارے درخت کاٹے گئے ہیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ متعدد بار درختوں کی کٹائی سے روکنے کا حکم دیا ہے، درختوں کی کٹائی پر ایس ایچ او کو بلا کر پرچہ درج کراؤں (بقیہ نمبر 28)

لاہور، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا امریکی بزنس لیڈرز کے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

لیڈی ریڈنگ اسپتال میں عملے کی دوہری ملازمت پر پابندی عائد

ادارہ جاتی پالیسی کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ہسپتال انتظامیہ

پشاور (این این آئی) پشاور کے لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں عملے کی دوہری ملازمت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی اس حوالے سے ہسپتال انتظامیہ نے باضابطہ اعلامیہ جاری کر دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق آئندہ کسی بھی ملازم کو سرکاری، نیم سرکاری، (بقیہ نمبر 20)

ایران جنگ نہیں چاہتا، مگر تیار ہے، عباس عراقچی

ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ مذاکرات کے لیے بھی تیار ہے

بیروت (آئی آئی پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران نہ اسرائیل اور نہ ہی امریکا کے ساتھ جنگ کا خواہاں ہے، تاہم اگر ایک بار پھر حملہ کیا گیا (بقیہ نمبر 21)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

تنخواہ دار طبقہ اور ٹیکس

ایف بی آر کے اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی چھ ماہ میں ملک کے تنخواہ دار طبقے نے مجموعی طور پر 266 ارب روپے انکم ٹیکس جمع کرایا ہے' جو ملک بھر میں وصول ہونے والے کل انکم ٹیکس کا تقریباً دس فیصد ہے۔ تنخواہ دار طبقے کا ٹیکس گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں نو فیصد زیادہ ہے۔ اسی مدت میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے صرف 126 ارب روپے انکم ٹیکس وصول کیا جا سکا۔ یہ اعداد و شمار نہ صرف ٹیکس کے غیر منصفانہ نظام کو ظاہر کرتے ہیں بلکہ واضح کرتے ہیں کہ ملک کا تنخواہ دار طبقہ غیر ضروری طور پر بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ تنخواہ دار افراد اپنی مجموعی آمدن کا تقریباً 38 فیصد ٹیکس کی صورت میں ادا کرتے ہیں' جو نہ صرف خطے کے دیگر ممالک بلکہ اندرونِ ملک رئیل اسٹیٹ اور ریٹیل سیکٹر جیسے بڑے شعبوں سے بھی کہیں زیادہ ہے۔

یہ اعداد و شمار اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ موجودہ ٹیکس نظام نہ صرف اصلاحات کا متقاضی ہے بلکہ اس میں یکسانیت لانا بھی از حد ضروری ہے۔ تنخواہ دار طبقے پر سے ٹیکس کا بوجھ کم ہونا چاہیے اور ٹیکس نیٹ سے باہر طبقات کو اس دائرے میں لانا چاہیے۔ ایف بی آر اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دیں اور ٹیکس چوری میں ملوث شعبوں کے گرد گھیرا تنگ کریں۔ یہ اقدامات نہ صرف معیشت کو سہارا فراہم کریں گے بلکہ ایک مضبوط' مستحکم اور عادلانہ ٹیکس نظام کے تحت سماجی تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے۔

معاشی کمزوری وسفارتی دباؤ اور داخلی بے چینی۔۔۔2025 بھارت پر بھاری رہا

چشمِ نم
رشید احمد نعیم
Rasheed03014033622@gmail.com

بھارت کے لیے سال 2025 کسی معاشی استحکام، علاقائی برتری یا عالمی اثر و رسوخ کے پھیلاؤ کا سال ثابت نہیں ہوا بلکہ یہ برس متعدد حوالوں سے ناکامیوں، دباؤ، غیر یقینی صورتحال اور پالیسی تضادات کا مجموعہ بن کر سامنے آیا۔ نئی دہلی کی سیاسی قیادت جس برس کو اپنی عالمی حیثیت مستحکم کرنے، معاشی ترقی کو رفتار دینے اور خطے میں فیصلہ کن کردار ادا کرنے کے لیے استعمال کرنا چاہتی تھی، وہی سال داخلی کمزوریوں، خارجی محاذوں پر مشکلات اور معاشی بے چینی کا استعارہ بن گیا۔ 2025 میں بھارت کو درپیش مسائل وقتی یا حادثاتی نہیں تھے بلکہ یہ برسوں سے جمع ہوتے تضادات اور غلط اندازوں کا قدرتی نتیجہ دکھائی دیتے ہیں۔ سال کے آغاز سے ہی پاک بھارت فوجی کشیدگی نے خطے کی فضا کو بے یقینی سے دوچار کیے رکھا۔ لائن آف کنٹرول پر تناؤ، سفارتی محاذ پر جمود اور باہمی بداعتمادی نے جنوبی ایشیا کو ایک بار پھر غیر یقینی صورتحال کی طرف دھکیل دیا۔ نئی دہلی کی کوشش تھی کہ عسکری دباؤ کے ذریعے سیاسی برتری حاصل کی جائے مگر عملی طور پر اس کا نتیجہ اس کے برعکس نکلا۔ کشیدگی کا طویل اثر بھارتی عسکری برتری کے اظہار کی بجائے عالمی طاقتوں خصوصاً امریکہ کی پالیسی میں تبدیلی کی صورت میں سامنے آیا۔ واشنگٹن کی جانب سے جنگ بندی کا کریڈٹ لینے اور پاکستانی عسکری قیادت کے ساتھ روابط میں اضافے کو عالمی مبصرین نے بھارت کے لیے ایک سفارتی دھچکے کے طور پر دیکھا۔ یہ وہ لمحہ تھا جہاں بھارت کی علاقائی حکمت عملی کے کمزور پہلو کھل کر سامنے آ گئے۔ اسی دوران بھارت کو امریکہ کے ساتھ تجارتی محاذ پر بھی شدید دباؤ کا سامنا رہا۔ جس اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی دہلی اپنی بڑی کامیابی کے طور پر پیش کرتی رہی، وہ 2025 میں عملی نتائج دینے میں ناکام دکھائی دی۔ امریکہ بھارت تجارتی معاہدہ بار بار ملتوی ہوا اور امریکی ٹیرف کے نفاذ نے بھارتی برآمدات کو براہ راست متاثر کیا۔ توقعات کے برعکس بھارت امریکی مارکیٹ میں وہ رعایتیں حاصل نہ کر سکا جن کی بنیاد پر اس نے اپنی معاشی منصوبہ بندی استوار کی تھی۔ اس تاخیر اور غیر یقینی صورتحال نے نہ صرف صنعتی شعبے کو متاثر کیا بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی دھچکا پہنچایا۔ معاشی محاذ پر بھارت کے لیے سب سے تشویشناک پہلو کرنسی کی مسلسل کمزوری رہی۔ 2025 میں بھارتی روپیہ ڈالر کے مقابلے میں نمایاں گراوٹ کا شکار رہا جس کے اثرات درآمدات، مہنگائی اور عوامی قوت خرید پر واضح طور پر محسوس کیے گئے۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے نے اس دباؤ کو مزید بڑھا دیا۔ توانائی پر انحصار رکھنے والی بھارتی معیشت کے لیے مہنگا تیل ایک مستقل چیلنج بن کر سامنے آیا اور روپے کی کمزوری نے اس مسئلے کو مزید تکلیف دہ کر دیا۔ نتیجتاً حکومت کو مالی نظم و ضبط اور عوامی ریلیف کے درمیان ایک مشکل توازن قائم رکھنا پڑا جو زیادہ تر صورتوں میں ناکام دکھائی دیا۔ جی ایس ٹی اصلاحات کو حکومت کی بڑی معاشی کامیابی کے طور پر پیش کیا جاتا رہا مگر 2025 میں یہ اصلاحات محدود شعبوں تک ہی رہیں۔ ٹیکس نظام میں پیچیدگیاں، ریاستوں اور مرکز کے درمیان اختلافات اور نفاذ میں سستی کے باعث وہ فوائد حاصل نہ ہو سکے جن کا وعدہ کیا گیا تھا۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اب بھی غیر یقینی صورتحال کا شکار رہے اور معاشی سرگرمیوں میں وہ روانی پیدا نہ ہو سکی جو کسی بڑی معیشت کے لیے ضروری ہوتی ہے۔ معاشی ترقی کی رفتار توقعات سے کم رہی اور بے روزگاری و مہنگائی جیسے مسائل نے عوامی بے چینی میں اضافہ کیا۔ بھارت کی خارجہ پالیسی کا ایک نمایاں دعویٰ اس کی اسٹریٹجک خود مختاری رہا ہے مگر 2025 میں یہ تصور عملی طور پر کمزور ہوتا دکھائی دیا۔ امریکہ، چین اور روس کے درمیان توازن برقرار رکھنے کی کوشش میں نئی دہلی کسی ایک سمت میں واضح پیش رفت نہ کر سکا۔ چین کے ساتھ سرحدی تنازعات بدستور موجود رہے جبکہ معاشی انحصار میں کمی کے دعوے حقیقت کا روپ نہ دھار سکے۔ روس کے ساتھ تعلقات اگرچہ برقرار رہے مگر عالمی دباؤ اور بدلتے حالات کے باعث ان میں وہ گہرائی نظر نہ آئی جو ماضی میں دکھائی دیتی تھی۔ اس تمام صورتحال نے بھارت کو ایک ایسے مقام پر لا کھڑا کیا جہاں اس کی خارجہ پالیسی دفاعی انداز اختیار کرنے پر مجبور دکھائی دی۔ امریکہ میں بھارت کی معاشی اور سفارتی گنجائش کے محدود ہونے کا تاثر بھی 2025 میں نمایاں رہا۔ ماہرین کے مطابق واشنگٹن میں نئی دہلی کی پوزیشن پہلے جیسی مضبوط نہیں رہی اور تجارتی و سفارتی معاملات میں اسے سخت شرائط کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ حقیقت بھارت کے اس بیانیے کے لیے ایک چیلنج بنی جس کے تحت وہ خود کو ابھرتی عالمی طاقت کے طور پر پیش کرتا رہا ہے۔ عالمی سطح پر ساکھ محض بیانات سے نہیں بلکہ ٹھوس معاشی اور سفارتی کامیابیوں سے بنتی ہے، اور 2025 میں بھارت اس معیار پر پورا اترتا دکھائی نہیں دیا۔ داخلی سطح پر عوامی مسائل میں اضافہ حکومت کے لیے ایک اور امتحان بن گیا۔ مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بے یقینی نے متوسط اور نچلے طبقے کو شدید متاثر کیا۔ روپے کی گراوٹ اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے نے روزمرہ زندگی کو مشکل بنا دیا۔ حکومت کی جانب سے اعلانات اور پیکجز کے باوجود زمینی حقائق میں فوری بہتری نظر نہیں آئی۔ اس صورتحال نے سیاسی دباؤ میں اضافہ کیا اور عوامی اعتماد کو متاثر کیا۔ 2025 میں پیش آنے والا مہلک طیارہ حادثہ بھی ایک ایسا واقعہ تھا جس نے ریاستی نظم و نسق اور حفاظتی معیارات پر سوالات اٹھائے۔ اس سانحے کے بعد تحقیقات، ذمہ داری کے تعین اور اصلاحات کے وعدے تو سامنے آئے مگر مجموعی طور پر یہ واقعہ اس احساس کو تقویت دیتا رہا کہ بنیادی ڈھانچے اور انتظامی صلاحیت میں سنجیدہ بہتری کی ضرورت ہے۔ ایسے واقعات صرف انسانی جانوں کے ضیاع تک محدود نہیں رہتے بلکہ عالمی سطح پر ملک کے امیج کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ بھارت کے لیے 2025 کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی رہا کہ اس نے مسائل حل کرنے کے بجائے زیادہ تر انہیں برداشت کرنے کی حکمت عملی اختیار کیے رکھی۔ وقتی انتظامات اور سیاسی بیانیے نے کچھ حد تک دباؤ کم کرنے کی کوشش کی مگر بنیادی اصلاحات اور واضح سمت کا فقدان برقرار رہا۔ معیشت، خارجہ پالیسی اور داخلی نظم و نسق کے شعبوں میں ہم آہنگی کی کمی نے مجموعی کارکردگی کو متاثر کیا۔ اب جب نگاہ 2026 کی طرف جاتی ہے تو بھارت کے لیے چیلنجز کم ہونے کے بجائے بڑھتے دکھائی دیتے ہیں 2025 نے یہ واضح کر دیا کہ عالمی سیاست اور معیشت میں محض دعوؤں سے مقام حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لیے مستقل مزاجی، شفاف حکمت عملی اور داخلی استحکام ناگزیر ہیں۔ بھارت کے لیے یہ سال ایک تنبیہ کے طور پر سامنے آیا ہے کہ داخلی مضبوطی کے بغیر علاقائی یا عالمی برتری کا خواب ادھورا رہتا ہے۔ آنے والے برس میں یہ دیکھنا اہم ہوگا کہ نئی دہلی اس تجربے سے کیا سیکھتی ہے اور کیا وہ اپنے بڑھتے ہوئے چیلنجز کا مؤثر جواب دینے کی صلاحیت پیدا کر پاتی ہے یا نہیں۔

"مریم نواز کا ہیلتھ ویژن: پنجاب میں 'صحتِ عامہ' کا نیا عہدِ زریں"

برملا خلاصہ
قمر شہزاد مغل
Mughalqamar655@gmail.com

پاکستان کی سیاسی اور انتظامی تاریخ میں اکثر بڑے بڑے دعوے تو کیے جاتے رہے ہیں، لیکن عملی میدان میں عوام کو ریلیف پہنچانے کے حوالے سے ہمیشہ ایک خلا رہا ہے۔ بالخصوص سرکاری ہسپتالوں کی صورتحال، جہاں غریب مریض ادویات کی کمی، عملے کی بدتمیزی اور ناقص صفائی ستھرائی کے باعث دربدر ہوتا تھا۔ لیکن آج پنجاب میں ایک ایسی تبدیلی دستک دے رہی ہے جس کی مثال ملکی تاریخ میں نہیں ملتی۔ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کو محض عمارتیں نہیں بلکہ "جدید علاج گاہیں" بنانے کا جو عزم کیا ہے، اس کے اثرات زمین پر نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ کے حالیہ احکامات اور ہیلتھ پراجیکٹس کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس اس بات کا ثبوت ہے کہ اب پنجاب کے ہسپتالوں میں نااہلی، کام چوری اور عوامی شکایات کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ مریم نواز شریف کا یہ موقف کہ عوام کا پیسہ اور وقت ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا، اس نئے انتظامی کلچر کی بنیاد رکھ رہا ہے جہاں سرکاری ہسپتالوں میں بھی انٹرنیشنل لیول کی جدید ترین ادویات فراہم کی جائیں گی۔ 80 ارب روپے کی خطیر رقم ادویات کے لیے مختص کرنا اور پھر یہ واضح کر دینا کہ ادویات کا نہ ملنا ناقابل فہم ہے، اس عزم کا اظہار ہے کہ اب کوئی مریض دوا کی تلاش میں ہسپتال سے باہر نہیں بھٹکے گا۔ اس اصلاحاتی ایجنڈے کا سب سے اہم پہلو شفافیت اور کارکردگی ہے۔ ہسپتالوں کے سیکورٹی گارڈز، نرسوں اور فارمیسی سٹاف کو باڈی کیم لگانے کا اصولی فیصلہ ایک ایسا انقلابی قدم ہے جو نہ صرف مریضوں کے ساتھ عملے کے رویے کو بہتر بنائے گا بلکہ جوابدہی کے نظام کو بھی فول پروف بنا دے گا۔ اسی طرح، دورانِ ڈیوٹی موبائل فون کے استعمال پر پابندی کا مقصد ڈاکٹروں اور نرسوں کی توجہ سو فیصد مریض کی طرف مبذول کروانا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے لیکن انتہائی اہم اقدامات ثابت کرتے ہیں کہ وزیرِ اعلیٰ کی نظر ہر اس پہلو پر ہے جو علاج کی راہ میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ نئے نظام میں جہاں جزا اور سزا کا تصور واضح کیا گیا ہے، وہیں محنتی افسران کی حوصلہ افزائی کے لیے ایم ایس پول قائم کرنے اور صرف کارکردگی کی بنیاد پر تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ ایک ایسی ترغیب ہے جو ہسپتالوں کے سربراہان میں مقابلے کی فضا پیدا کرے گی۔ مزید برآں، کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کو سروے کی ذمہ داری سونپنا اور ڈیٹا اینالیسز سنٹر کا قیام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہر قدم عوامی فلاح کے مطابق ہو۔ جدت کے سفر میں چینی ساختہ جدید طبی آلات کی اجازت اور صبح نو بجے تک ہسپتالوں کی مکمل سٹیم کلیننگ کا حکم اس بات کی علامت ہے کہ اب سرکاری ہسپتالوں میں بھی وہ معیار ملے گا جو پرائیویٹ کلینکس کا خاصہ تھا۔ کارڈیک میڈیسن، ہیپاٹائٹس اور ٹی بی کے لاکھوں مریضوں کے لیے ہوم ڈیلیوری کا آغاز کسی معجزے سے کم نہیں۔ اب مریض کو دوا لینے ہسپتال نہیں آنا پڑے گا، بلکہ دوا خود مریض کی دہلیز تک پہنچے گی۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہو رہا ہے کہ کوئی سربراہِ حکومت صرف فائلیں نہیں دیکھ رہا، بلکہ ہسپتالوں کی سیکورٹی کمپنی سے لے کر دوا کی فراہمی کے طریقہ کار تک ہر جزئیات کی خود نگرانی کر رہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف کے یہ اقدامات ایک روشن اور صحت مند پنجاب کی نوید ہیں۔ آپ نے ثابت کر دیا کہ اگر عزم سچا ہو اور نیت عوامی خدمت کی ہو، تو ناممکن کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ پنجاب کے عوام کو صحت کی ان عالمی سہولیات سے روشناس کروانے پر مریم نواز شریف بلاشبہ تحسین اور خراجِ عقیدت کی مستحق ہیں۔ یہ اقدامات نہ صرف تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جائیں گے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے صحت عامہ کا ایک رول ماڈل ثابت ہوں گے۔

دمے کے مریضوں کی جان بچانے والا نیا انجکشن تیار



نیٹ نیوز۔۔برطانیہ میں شدید دمے کے مریضوں کے لیے ایک نیا اور جان بچانے والا انجکشن استعمال کے لیے جلد متعارف کرائے جانے کا امکان ہے۔ یہ انجکشن سال میں صرف دو مرتبہ لگایا جائے گا اور جان لیوا دمے کے حملوں کو روکنے میں مدد دے گا۔ طبی تحقیق کے مطابق طویل اثر رکھنے والا ڈیپیموکیاب نامی یہ انجکشن دمے کے خطرناک حملوں (جن کے باعث مریضوں کو اسپتال میں داخل ہونا پڑتا ہے) میں 72 فی صد تک کمی لاتا ہے، جبکہ اس کے مضر اثرات انتہائی کم رپورٹ ہوئے ہیں۔ دوا میں شامل اینٹی باڈیز پھیپھڑوں میں ہونے والی سوزش کو ہدف بناتی ہیں۔ برطانوی اخبار دی ٹائمز کے مطابق یہ دوا 2026 کے پہلے ششماہی میں نجی برانڈ کے تحت فروخت کے لیے پیش کی جائے گی۔ تاہم نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار ہیلتھ اینڈ کیئر ایکسیلینس (NICE) اگلے سال یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا اس علاج کو این ایچ ایس کے تحت فراہم کیا جا سکے گا یا نہیں۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ یہ دوا ان شدید حملوں کو کم کرے گی جو مریضوں کے لیے نہایت خوفناک اور اسپتال میں داخلے کا سبب بنتے ہیں۔ اس انجکشن کو رواں ماہ میڈیسنز اینڈ ہیلتھ کیئر پروڈکٹس ریگولیٹری ایجنسی (MHRA) نے منظوری دے دی ہے۔

فائیو جی سپورٹ کرنے کیلئے موبائل فونز کی اپ-گریڈیشن کا فیصلہ

ویب ڈیسک۔۔وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شیزا فاطمہ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگلے ماہ فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی ہونے جا رہی ہے۔ کوشش ہے بہتر سے بہتر کنڈیشنز پر فائیو جی کی نیلامی کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکٹرم آکشن سات بینڈز پر ہو رہی ہے۔ پانچ بینڈز ایسے ہیں جن پر پاکستان میں پہلی بار نیلامی ہو رہی ہے۔ 2 بینڈز پہلے نیلام ہو چکے ہیں۔ پاکستان میں فائیو جی سپورٹڈ موبائل بہت کم ہیں۔ اس کیلئے موبائل فونز کی اپ گریڈیشن پر بھی کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ فائیو جی آکشن کے چھ مہینے کے بعد آپ کو انٹرنیٹ سسٹم میں واضح بہتری آئے گی۔ شیزہ فاطمہ کا مزید کہنا تھا کہ یوفون اور ٹیلی نار مرجر کے بعد ملک میں تین کمپنیاں رہ گئی ہیں۔ ایم وی این او کے آنے سے مزید کمپنیاں آئیں گی۔ ایم وی این او کے آنے سے سرمایہ کاری بھی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایم وی این او کی مارکیٹ کا حصہ بننے جا رہا ہے۔ پی ٹی اے نے ڈسٹرکٹ لیول پر فائبرائزیشن کی منظوری دیدی ہے۔ اب کیبل آپریٹرز بھی سی ویس لائسنس لے کر آپ تک انٹرنیٹ پہنچا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے کچھ سالوں میں ہم 3 سب میرین کیبلز پاکستان میں لائے ہیں جو ملک میں انٹرنیٹ کی بہتری کیلئے ہمارے عزم کا ظاہر کرتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

اب میں بیک وقت 2 یا 3 فلموں میں کام نہیں کرنا چاہتی: عالیہ بھٹ

میں نے کبھی اپنے کیریئر کو مختلف مراحل یا پھر اپنے لیے کوئی سنگِ میل نہیں سمجھا



ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ عالیہ بھٹ کا کہنا ہے کہ اب وہ پہلے کی طرح بیک وقت 2 یا 3 فلموں میں کام نہیں کرنا چاہتیں۔ عالیہ بھٹ نے ایک حالیہ انٹرویو میں اپنے فلم سائن کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے کبھی اپنے کیریئر کو مختلف مراحل یا پھر اپنے لیے کوئی سنگِ میل نہیں سمجھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں اب بھی فلموں کا انتخاب اسی طرح کرتی ہوں جیسے پہلے کرتی تھی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میں مختلف چیزیں کرنے کی کوشش کرکے، نئے چیلنجز کے لیے خود کو تیار کرکے اور خود کو مسلسل اپنے کمفرٹ زون سے باہر رکھ کر فلموں کا انتخاب کرتی ہوں۔

کارت آریان کی 17 سالہ لڑکی سے رومانس کی افواہیں

گوا میں چھٹیاں گزارتے ہوئے چند تصاویر سامنے آنے پر سوشل میڈیا صارفین حیران



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار کارتک آریان ایک بار پھر سوشل میڈیا پر زیر بحث آ گئے ہیں، جہاں ان کی ذاتی زندگی سے جڑی نئی افواہوں نے توجہ حاصل کر لی ہے۔ ریڈٹ اور دیگر سوشل پلیٹ فارمز پر گردش کرنے والی خبروں کے مطابق اداکار کے بارے میں قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں کہ وہ مبینہ طور پر برطانیہ میں مقیم ایک کم عمر لڑکی سے ڈیٹنگ کر رہے ہیں۔ یہ افواہیں اس وقت زور پکڑ گئیں جب گوا میں چھٹیاں گزارتے ہوئے چند تصاویر سامنے آئیں، جنہوں نے صارفین کو حیران کر دیا۔ سوشل میڈیا پر دعویٰ کیا جا رہا ہے۔

مہناز بیگم کی 13 ویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) ملک کی معروف گلوکارہ مہناز بیگم کی 13 ویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی۔ اپنی آواز سے لاکھوں دلوں پر حکمرانی کرنے والی مہناز بیگم 1958ء میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز 1970ء کی دہائی میں ریڈیو پاکستان سے کیا انہوں نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر مختلف قسم کے گیت گائے مہناز بیگم کو غزل، ٹھمری، دادرا، نوحہ اور مرثیہ پڑھنے میں ایک خاص مہارت حاصل تھی ان کی شہرت ریڈیو اور ٹی وی سے نکل کر فلم انڈسٹری تک پھیل گئی مہناز نے مختلف فلموں کیلئے سینکڑوں گیت گائے۔ مہناز کا شمار ناہید اختر، ترنم ناز اور رونا لیلیٰ جیسی صف اول کی گلوکاراؤں میں ہوتا تھا۔ گلوکارہ مہناز نے دس برسوں میں 10 سے زائد فلمی و غیر فلمی ایوارڈز حاصل کیے۔ جو کہ ایک اعزاز ہے پچھلے برس مہناز کو علالت کے باعث امریکہ منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ 19 جنوری 2013 کو انتقال کر گئی تھیں

اب اپنی اصل عمر کی نظر آنے لگی ہوں، عینا آصف

لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ وہ کم عمر ہیں بس منفی تبصرے کرنا شروع کر دیتے ہیں



لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف نوجوان اداکارہ عینا آصف نے اپنی عمر اور ذاتی زندگی سے متعلق لب کشائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب وہ اپنی اصل عمر کی نظر آنے لگی ہیں۔ ڈرامہ سیریل مائی رے میں شاندار اداکاری سے شہرت حاصل کرنے والی عینا آصف نے حالیہ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اب جب ان کی عمر 17 سال ہو چکی ہے تو وہ خود کو اپنی عمر کی محسوس کرتی ہیں تاہم ماضی میں انہیں لگتا تھا کہ وہ اپنی عمر سے زیادہ بڑی دکھائی دیتی ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ بچپن میں جب وہ اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ بیٹھتی تھیں۔

کترینہ اور وکی نے بیٹے کا نام بتادیا، تصویر بھی شیئر کردی

انکے بیٹے کی پیدائش کے بعد سے ہی ہر کوئی ان کے بچے کی ایک جھلک دیکھنے کا بے صبری سے منتظر تھا

میری تصاویر کیساتھ بھیک مانگی جارہی ہے، بشریٰ انصاری

نامور اداکارہ رباب ہاشم کے ہاں بیٹے کی پیدائش

سپورٹس SPORTS

برسبین، ٹینس میچ کے دوران دلچسپ واقعہ، ٹرین کے ہارن نے دو مرتبہ کھیل رکوادیا

برسبین (این این آئی) برسبین میں ہونے والے ایک ٹینس میچ کے دوران ایک دلچسپ اور غیر متوقع لمحہ دیکھنے میں آیا جب کھیل کے دوران اچانک ٹرین کا ہارن بج اٹھا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب نوجوان روسی ٹینس اسٹار میرا آندریوا یوکرین کی کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک کے خلاف سروس کی تیاری کر رہی تھیں کہ اچانک ٹرین کا ہارن بج اٹھا۔ میرا نے پہلی بار ہارن کی آواز پر کھیل روک دیا اور دوبارہ گیند اچھال کر سرو کرنے کی کوشش کی، مگر عین اسی لمحے ٹرین کا ہارن ایک بار پھر بج گیا۔ اس اچانک شور نے نہ صرف کھلاڑی بلکہ تماشائیوں کو بھی چونکا دیا،

ایچ بی ایل پی ایس ایل میں نئی روح لائیں گے، حمزہ مجید

پی ایس ایل میں 2 مہنگی ترین ٹیموں کی فروخت کا نیا ریکارڈ بن گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایچ بی ایل پی ایس ایل میں 2 مہنگی ترین ٹیموں کی فروخت کا نیا ریکارڈ بن گیا، حیدرآباد اور سیالکوٹ کی شمولیت کے بعد ایچ بی ایل پی ایس ایل آٹھ ٹیموں پر مشتمل ہوگی، پہلے راؤنڈ میں ایف کے ایس گروپ نے ٹیم حیدر آباد 1.75 ارب روپے میں خریدی دوسرے راؤنڈ میں اوزی گروپ نے ٹیم سیالکوٹ 1.85 ارب روپے میں خریدی، نیلامی کے عمل میں میں 9 سرمایہ کاروں نے حصہ لیا۔ کامیاب بولی سے ایچ بی ایل پی ایس ایل کی کمرشل ویلیو میں ریکارڈ اضافہ کیا گیا۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ نئی ٹیمیں ایچ بی ایل پی ایس ایل کو مضبوط کریں گی اور اسکی عالمی حیثیت بڑھائیں گی۔ سی ای او ایچ بی ایل پی ایس ایل سلمان نصیر نے کہا کہ نئی ٹیمیں شائقین کے جوش و جذبے کو نئی جلا بخشیں گی۔ اونر حیدر آباد فرنچائز فواد سرور نے کہا کہ ہم ایچ بی ایل پی ایس ایل میں جدید مینجمنٹ اور بہترین کھیل یقینی بنائیں گے۔ اونر سیالکوٹ ٹیم حمزہ مجید نے کہا کہ ہم شائقین کے جذبے کی نمائندگی کرتے ہوئے ایچ بی ایل پی ایس ایل میں نئی روح لائیں گے

بیرسٹو آئی پی ایل کو پی ایس ایل پر ترجیح دینے کی پالیسی سے ناخوش

سڈنی (این این آئی) آسٹریلین کرکٹر ڈیوڈ وارنر نے انکشاف کیا ہے کہ جونی بیرسٹو انگلش کرکٹ بورڈ کی آئی پی ایل کو پی ایس ایل پر ترجیح دینے کی پالیسی سے ناخوش ہیں۔ آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان پانچویں ٹیسٹ کے دوران کمنٹری باکس کا ایک کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی جس میں مائیکل وان، ایڈم گلکرسٹ اور ڈیوڈ وارنر کو آئی پی ایل کی شیڈولنگ کے بارے میں بات کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ مائیکل وان نے کہا کہ میرے خیال میں انگلینڈ کے کھلاڑی یہ بات زیادہ بہتر جانتے ہوں گے کہ انہیں آئی پی ایل کھیلنے کے لیے پورے ٹورنامنٹ کے لیے معاہدہ کرنا پڑتا ہے۔ ڈیوڈ وارنر نے کہا کہ میرے خیال میں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کی پالیسی ایک جیسی ہی ہے، دونوں اپنے کھلاڑیوں کو پہلے آئی پی ایل

پی ایس ایل میں ناقص کارکردگی، آسٹریلوی کھلاڑی کی بابر اعظم کا مذاق اڑانے کی ویڈیو وائرل

سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد الیاس جگر کے کینسر میں مبتلا

PUNJAB HIGHWAY DEPARTMENT

PUNJAB HIGHWAY DEPARTMENT DIVISION SAHIWAL

TENDER NOTICE

سڑکیں بحال، پنجاب خوشحال

The tenders for the following schemes are invited from Engineering firms/contractors as per PPRA E-Tendering System. All the firms/contractors can participate in tendering process with following terms and conditions:-

1. The intending Contractors/Firms who have been registered with **Pakistan Engineering Council** in the relevant category/codes may participate.
2. The Contractors/Firms has to be registered on Punjab PPRA website (www.punjab.eprocure.gov.pk). Any information/ procedure regarding registration can be seen/obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurement.
3. As per Clause 27 of PPRA Rule-2014 (Bid Security), all intending contractors/ firms have to upload the earnest money only in the form of CDR in favour of the **Executive Engineer Highway Division, Chakwal** @ 2% of the estimated cost and submit bids on the same website upto half hour before the opening date and time of opening of tender. However, original CDR has to be submitted half hour before the opening of the bids otherwise, the firm/ contractor will be disqualified in presence of tender opening committee.
4. As per Clause 56 of PPRA Rule-2014 (Performance Guarantee), the lowest evaluated bidder shall submit Performance Security / Guarantee @ 5% of his Bid amount within 15 days of receipt of letter in favour of the **Executive Engineer Highway Division, Chakwal** in the form of CDR, Bank Draft, Cashier Cheque, Pay Order or Bank Guarantee only. No other form shall be accepted for performance guarantee (valid for 03 months beyond the completion time / extended completion time).
5. As per PPRA Punjab Circular No.L&M (PPRA)10-1/2011/008595, dated 11.10.2024, the bidders have to quote item rates against each item as well as total amount against each item and grand total of all items in financial proposal. The rates quoted in percentage above or below than approved cost will not be considered / accepted.
6. After filling the bids on website, contractors may attend the office of Commissioner on **28.01.2026 at 02:00 PM**, where all bids will be retrieved and quoted rate successful bidder will be announced in the presence of Tender Opening Committee.
7. In case of submission of any fake information/document such as CDR/receipt, PEC etc the Contractor/Firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be black listed to participate in any tendering process of C&W Department. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm/contractor for initiating the appropriate action/ black listing.
8. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to acceptance of a Bid or proposals under Clause 35 of PPRA Rule (Rejection of Bids).
9. Rigid Pavement shall be laid by using concrete batching plant and concrete paving machine.
10. TST/DST/Surfacing shall be executed by mechanized system.
11. Recovery against credit of old material will be adjusted manually and accordingly bids will be evaluated.
12. All contractor's claims should be submitted electronically.
13. The URL of the website of the PPRA (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Sr. No	Name of Work	T.S No. & Date	Completion Period	Estimated Cost/Earnest Money (M)	Opening Date & Time
1	Rehabilitation of Akwal Tamman-Multan Khurd-Shah Muhammad wali to CPEC Trap interchange length = 49.00 Km (Actual Length=54.00 Km) G-III Km 47.50 to 54.00 Length=6.50 Km. District Attock.	CEN No.3227/2022-23/Chakwal/1912/Plg dt: 12.12.2025	12 Months	291.207 / 5.824	28.01.2026 at 02:00 PM

Executive Engineer
Highway Division Chakwal

Superintending Engineer
Highway Circle No.2 Rawalpindi

IPL-342

بقیہ 1

اور سود مند پیکج اور سفارشات مرتب کریں۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی حکومت کے مجوزہ رمضان اور پچھلے سال رمضان پیکج کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تمام متعلقہ اداروں اور وزارتوں کی پچھلے سال رمضان پیکج کی شفافیت پر مستند آڈٹ ادارے کی طرف سے رپورٹ پر ستائش کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے سال سے وفاقی حکومت نے غریب عوام کو رمضان پیکج کی بدولت ارزاں نرخوں پر اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیے شفاف نظام ترتیب دیا ہے، ملک میں کئی دہائیوں سے جاری یوٹیلیٹی سٹورز کے ذریعے، مالی بے ضابطگیوں، بدنظمی اور غریبوں کے استحصال کا رائج نظام حکومت نے شفاف نظام میں تبدیل کر دیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے آئندہ رمضان المبارک کے لیے پچھلے سال سے بھی زیادہ موثر اور سود مند پیکج اور سفارشات مرتب کریں۔ انہوں نے کہا کہ یوٹیلیٹی سٹورز میں بدعنوانی کی وجہ سے مستحق افراد اپنے حق سے محروم تھے، غریبوں اور سفید پوش عوام کی مالی معاونت اور سماجی آسودگی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ غریب عوام میں رمضان پیکج کے امدادی رقوم کی فراہمی ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ہی کی جائے تا کہ عوام کی عزت وتکریم مجروح نہ ہو، عوام کو امدادی رقوم کی ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہمی کیش لیس معیشت کے حصول کے لیے بھی سنگ میل ثابت ہوگی، سٹیٹ بنک کی رمضان پیکج کی تقسیم میں شمولیت سے کیش لیس اکانومی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ وزارتیں اور ادارے اس بات کو یقینی بنائیں کہ امدادی رقوم میں غریب عوام کے دائرہ کار اور شمولیت کو ممکن حد تک وسیع کیا جائے اور رمضان پیکج میں پچھلے سال سے بہتر اور موثر ادائیگی کے لیے عملی اقدامات پر مشتمل جامع حکمت عملی اور سفارشات جلد پیش کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موثر نگرانی کے لئے ڈیجیٹل ڈیش بورڈ اور منظم مانیٹرنگ کا نظام وضع کیا جائے۔ وزیراعظم کو اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ پچھلے سال رمضان پیکج کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن میں عالمی شہرت یافتہ اور مستند آڈٹ فرم نے حکومتی پیکج کو موثر اور شفاف قرار دیا، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں سوشل پروٹیکشن والٹ نظام رائج کیا جا رہا ہے، جس کے تحت مستحق افراد میں مفت سمز تقسیم کی جا رہی ہیں اور مارچ 2026 سے تمام امدادی رقوم اسی سم کے ذریعے ڈیجیٹلی تقسیم کی جائیں گی، وزیراعظم کو پچھلے سال رمضان پیکج کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پچھلے سال رمضان پیکج میں کسی قسم کی مالی بے ضابطگی یا سنگین انتظامی بدنظمی و بدعنوانی نہیں پائی گئی۔ وزیراعظم نے یوٹیلیٹی سٹورز میں دہائیوں سے جاری مالی بدعنوانی اور بدنظمی کے خاتمے کو وفاقی حکومت کا انقلابی قدم قرار دیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر تخفیف غربت سید عمران احمد شاہ، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان، چیئرمین نادرا اور چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی اور دیگر متعلقہ سرکاری عہدیداران نے شرکت کی۔

بقیہ 2

موسم مزید ٹھنڈا محسوس کیا جانے لگا، شہر میں آئندہ کچھ روز سردی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ہے۔ علاوہ ازیں کوئٹہ میں درجہ حرارت منفی چار، پشاور میں چار، اسلام آباد میں پانچ اور لاہور میں سات ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دھند کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ ذرائع کے مطابق موٹروے ایم ون، صوابی سے برہان تک بند، ایم 4 شیر شاہ سے شام کوٹ تک، ایم 5 شیر شاہ سے سکھر تک اور ایم 14، فتح جنگ سے کوٹ بیلیاں تک دھند کی وجہ سے بند رہی دوسری جانب بلوچستان کے مختلف علاقے بھی دھند سے متاثر ہوئے ہیں، جعفر آباد، صحبت پور اور بولان قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی میں خلل واقع ہوا ہے۔

بقیہ 3

پر اپنی حاضری لازمی لگوائیں ۔ جمعہ کو ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق وزارت مذہبی امور نے تربیتی شیڈول کے حوالے سے عازمین حج کو مطلع کیا ہے کہ حج تربیت (پہلا مرحلہ) کا مکمل شیڈول پاک حج 2026 موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جو عازمین اپنی مقررہ تربیت میں شریک نہ ہوسکے وہ متبادل تاریخ اور مقام پر تربیت حاصل کر کے اپنی حاضری لازمی لگوائیں۔ عازمین حج سے گزارش ہے کہ وہ اپنے شیڈول کے مطابق حج تربیتی ورکشاپ میں شرکت یقینی بنائیں۔

بقیہ 4

ملزمان کی بریت کے خلاف اپیل دائر کرنے کے اختیار سے ہے۔ منظور کیے گئے بل کے مطابق اب بریت کے خلاف اپیل دائر کرنے کی منظوری صوبائی حکومت کے بجائے محکمہ پبلک پراسیکیوشن پنجاب کے سیکریٹری دیں گے۔ ترمیم کے بعد سیکریٹری پبلک پراسیکیوشن کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ پبلک پراسیکیوٹر کو براہ راست بریت کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کی ہدایت دے سکیں گے۔ بل میں مزید بتایا گیا ہے کہ اس ترمیم کا مقصد اپیل دائر کرنے کے عمل کو تیز کرنا اور اجازت کے طویل اور پیچیدہ سرکاری طریقہ کار کو ختم کرنا ہے۔ بل کے متن کے مطابق اکثر کیسز میں سرکاری منظوری میں تاخیر کے باعث عدالتی مدت ختم ہو جاتی تھی، جس کے باعث اپیل دائر نہیں ہو پاتی تھی۔ یہ بل اب پنجاب اسمبلی سے منظوری کے بعد گورنر پنجاب کو ارسال کیا جائے گا۔

بقیہ 5

۔ترجمان ایس ایس جی سی کے مطابق گھریلو اور کمرشل صارفین کو گیس کی فراہمی معمول کے مطابق رات 10 سے صبح 5 تک معطل رہے گی۔

بقیہ 6

کمی کے لیے جائزہ لینے کے لیے ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب کی سربراہی میں 5 رکنی کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سیکریٹری آئی اینڈ سی، ایڈیشنل سیکریٹری فنانس، ایڈیشنل سیکریٹری اور ایک نمائندہ کمیٹی نامزد کرے گی۔ مزید بتایا گیا ہے کہ کمیٹی کو وسیع اختیارات حاصل ہوں گے اور کمیٹی تمام اداروں کے اضافی ملازمین فارغ اور خالی سیٹیں ختم کرے گی اور نظام کی بہتری کے لیے تجاویز دے گی۔

بقیہ 7

کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈی جی خان تعینات، گریڈ 18 کی خاتون افسر مس انعم ناصر کی پنجاب سے ریلیو کر کے انکی خدمات وفاق کے سپرد کر دی گئی ہیں۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریٹ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے۔

بقیہ 8

انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کی اولین ترجیح یہ ہے کہ اس کے گریجوٹس محض ڈگری ہولڈر نہ ہوں بلکہ عملی میدان میں قابلِ روزگار، باصلاحیت اور پُر اعتماد ہوں، اسی وژن کے تحت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے سمسٹر بہار 2026 میں میٹرک تا پی ایچ ڈی پروگرامز کے ساتھ ساتھ 12 نئے پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز متعارف کرائے ہیں، آفر کئے جانے والے اِن ڈپلومہ پروگرامز کے داخلہ فارم، پراسپکٹس اور تفصیلات یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر دستیاب ہیں، داخلوں کی آخری تاریخ 10 فروری مقرر کی گئی ہے۔ وائس چانسلر کے مطابق یہ تمام پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز مارکیٹ بیسڈ، سکل اور پریکٹیکل لرننگ پر مبنی ہیں جنہیں موجودہ ملکی اور بین الاقوامی روزگار کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے، ان پروگرامز کا مقصد طلباء کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرنا ہے تا کہ وہ تعلیم مکمل کرنے کے فوراً بعد عملی زندگی میں کامیابی کے ساتھ قدم رکھ سکیں۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے مزید کہا کہ یونیورسٹی چاہتی ہے کہ اس کے گریجوٹس معاشرے میں باوقار مقام حاصل کریں، باعزت روزگار کمائیں اور قومی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں، یہی سوچ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی پالیسیوں اور تعلیمی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ انہوں نے طلباء، والدین اور ورکنگ پروفیشنلز پر زور دیا کہ وہ ان نئے متعارف کردہ پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز سے بھرپور فائدہ اٹھائیں جو کم مدت میں کیریئر سازی کے بہترین مواقع فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ 9

تھانہ مندرہ میں درج مقدمے میں گرفتار ہیں۔ ادھر جیل ذرائع کے مطابق فرانسیسی سفارتخانے کی نمائندہ ویلیری ماری بھی اڈیالہ جیل پہنچیں، جنہیں قید فرانسیسی شہری بینجمن سیبسٹیشین تک قونصل رسائی دی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق فرانسیسی شہری منشیات کے مقدمے میں گرفتار ہیں۔

بقیہ 10

(Yellowhammer Salon)، کرسٹینا کارٹر (Beckett RW)، ڈانا ہینز (Citivest) اور ولیم ہاؤ (Newcastle) (Vantage) شامل تھے۔ ملاقات میں صحت، تعلیم، ماحولیات، چائلڈ لیبر، زراعت، انڈسٹری اور ای میکانائزیشن سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی وفد کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن اور اصلاحاتی اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ وفد نے وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کو سراہتے ہوئے اسٹیئرنگ کمیٹی کی تشکیل کو ایک موثر اور قابل تقلید اقدام قرار دیا۔ وفد نے چائلڈ اور بانڈڈ لیبر کے خاتمے کے لیے پنجاب حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی اور عملی اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا اور اینٹوں کے بھٹوں کی میکانائزیشن کو ایک مثالی ماڈل قرار دیا جس سے بچوں اور مزدوروں کو استحصال سے نجات ملے گی۔ امریکی وفد نے وزیراعلیٰ کے ای موبیلٹی وژن، اے کیو آئی سموگ میکانیزم پالیسی، پائیدار صنعتی ترقی اور ماحول دوست صنعت کے فروغ کے اقدامات کو سراہا۔ وفد نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت کی صنعتی اصلاحات، سپلائی چین بہتری اور سوشل پروٹیکشن پروگرامز کی تعریف کی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں ماحولیاتی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب کلائمیٹ واچ کے تحت سموگ مانیٹرنگ نظام کو مزید موثر بنایا گیا ہے جبکہ ای موبیلٹی وژن ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ ان کے مطابق سموگ کے خاتمے کے لیے لیجیسلیشن پروگرام شروع کر دیا گیا ہے، بھٹوں اور صنعتی چمنیوں کی کیو آر کوڈنگ مکمل ہو چکی ہے اور زیرو ایمشن ٹیکنالوجی کی جانب پیش رفت جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو سموگ کنٹرول پلان کا نیوکلیس قرار دیا گیا ہے جبکہ ڈیٹا ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے 11 ہزار بھٹوں کی مانیٹرنگ شروع کی جا چکی ہے۔ ماحول کے تحفظ کے لیے 666 اہلکاروں پر مشتمل فیلڈ فورس متحرک ہے۔ پنجاب اے کیو آئی ایپ لانچ کر دی گئی ہے، جس کے ذریعے 41 مانیٹرز سے شہریوں کو بروقت معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ مریم اورنگزیب کے مطابق کسانوں کو فصلوں کی باقیات جلانے سے روکنے کے لیے 60 فیصد سبسڈی پر 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے گئے، جس کے نتیجے میں ناسا رپورٹ کے مطابق سٹبل برننگ میں 60 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ٹرانسپورٹ سیکٹر میں پہلی بار سرٹیفکیشن رجیم نافذ کیا گیا ہے اور تھرمل کیمروں کے ذریعے گاڑیوں کی مانیٹرنگ شروع ہو چکی ہے۔ 9 ہزار صنعتی چمنیوں کو سینٹرل کنٹرول سسٹم سے منسلک کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سموگ کے دوران اسکول اور تعلیمی ادارے بند کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ ڈرون اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کا نظام فعال ہے، موسمیاتی تبدیلی کے اسباق نصاب میں شامل کیے جا چکے ہیں اور غیر قانونی پلاسٹک سے فرنیچر تیار کرنے کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ اسکولوں میں سیگریگیٹڈ ڈسٹ بنز نصب کیے جا رہے ہیں جبکہ بھٹوں کے اطراف چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر نے بتایا کہ ٹرانس بارڈر آلودگی کی حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے پہلی بار اے کیو آئی فارکاسٹنگ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے۔ 1373 ہیلپ لائن، چیٹ بوٹ اور سموگ گنز فعال ہیں جبکہ کاہنہ میں سموگ کم کرنے کا کامیاب تجربہ کیا گیا ہے۔ ای میکانائزیشن کے تحت سپر سیڈرز اور بیلرز کے منصوبے جاری ہیں، پائرلیسس پلانٹس بند کر دیے گئے ہیں اور پنجاب کے تمام بھٹوں سے سفید دھواں خارج ہونے لگا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای ٹرانسپورٹ نظام متعارف کرایا گیا ہے، جس میں ای بسیں اور بائیو گیس کا استعمال شامل ہے۔ تعمیراتی سائٹس کو اب پی اے سرٹیفائیڈ کیا جا رہا ہے اور فیوجیٹو ڈسٹ کنٹرول کے لیے سپرنکلرز کا استعمال لازمی قرار دیا گیا ہے۔ 75 مائیکرون سے کم پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کی گئی ہے جبکہ لاہور میں شجر کاری مہم، کاربن کریڈٹ پروگرام اور انوائرمنٹ ای اسمارٹ سسٹم کا آغاز کیا گیا ہے۔ مریم اورنگزیب نے بتایا کہ رواں سال نومبر اور دسمبر میں خطرناک سموگ دن نہ آنے کا ریکارڈ قائم ہوا اور سموگ سے متاثر مریضوں کی تعداد میں نمایاں کمی دیکھی گئی۔ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے جامع قانون سازی کی جا رہی ہے۔ پنجاب کی پہلی ڈیٹا رجسٹری تیاری کے آخری مراحل میں ہے جس کی بنیاد پر رمضان پیکج فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹری ریفارمز، سپلائی چین بہتری اور بلاسود قرضوں کے ذریعے چائلڈ لیبر کے خاتمے کی کوششیں جاری ہیں۔ تمام سیکٹرز میں شارٹ، مڈ اور لانگ ٹرم حکمت عملی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ 40 فیصد کنکریٹ بلاک کنسٹرکشن سسٹم کی جانب منتقلی کی جا رہی ہے جبکہ ریسکیو، اسکل ڈویلپمنٹ اور اسکول انرولمنٹ کی مکمل میپنگ مکمل کر لی گئی ہے۔ امریکی وفد نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے انقلابی اقدامات کو سراہتے ہوئے کرسمس تقریبات کے شاندار انعقاد پر بھی تعریف کی۔ وفد نے حکومت پنجاب کی پالیسیوں اور اصلاحات کو قابل تقلید قرار دیا۔ اختتام پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے وفد کے تعاون اور حمایت پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 11

ہمارے پاس کوئی فورم موجود نہیں جہاں جا کر اپنا کیس رکھیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ بشریٰ بی بی اور بانی کا کیس اس لیے نہیں لگا رہے تا کہ انکی ضمانت نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پرسوں میرے وارنٹ جاری کیے، جج صاحب خود چھٹی پر چلے گئے، ہم نے پیر تک مہلت مانگی تھی، ہماری بات نہیں سنی گئی، عدالت میں پیش ہوئی لیکن سماعت ملتوی کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اچھی بات ہے سندھ حکومت راستے نہیں روک رہی، سندھ حکومت سمجھدار ہے، پنجاب میں عوامی مینڈیٹ والی حکومت نہیں اس لیے راستے روکے۔

بقیہ 12

سندھ کی عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اسٹریٹ موومنٹ کی تیاری میں سندھ کے عوام بھرپور ساتھ دیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ اتوار ساڑھے 4 بجے کراچی میں مزار قائد پر شہر کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ کریں گے۔

بقیہ 13

سے بلوچستان میں مواصلاتی اور تعلیمی منصوبوں کے آغاز پر اظہار تشکر کیا۔ صوبائی کابینہ نے فیصلہ کیا کہ طلباء، ورکنگ ویمن اور سرکاری ملازمین کو 30 فیصد سبسڈی پر سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ عام شہریوں کو بھی آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کی جائیں گی، کابینہ کے فیصلے کے مطابق بینک فنانسنگ کے تحت اسکیم پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ لگ بھگ ڈھائی لاکھ صوبائی سرکاری ملازمین کے علاج معالجے پر سالانہ 6 سے 7 ارب روپے خرچ ہوتے ہیں۔ صوبائی کابینہ نے سرکاری ملازمین کے لیے ہیلتھ انشورنس اسکیم متعارف کروانے جبکہ پیشگی میڈیکل ادائیگیوں اور عوامی انڈومنٹ فنڈ کے آڈٹ کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ کابینہ نے انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام کی گوادر، کیچ اور آواران تک توسیع کی منظوری دے دی۔ میرٹوکریسی کے فروغ کے لیے کابینہ کا میرٹ پر تعیناتیوں پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے لیے مواصلاتی و تعلیمی منصوبوں کیلئے تعاون پر وزیراعظم کے مشکور ہیں، الیکٹرک بائیکس تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو آسان اقساط پر دی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عام آدمی کے ٹیکس سے حاصل ہونے والے وسائل عوام کی امانت ہیں، بلوچستان کا عام غریب آدمی مشکلات جھیلے اور وسائل کا بڑا حصہ مخصوص طبقے پر خرچ ہو یہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کے علاج معالجے کے لیے جامع ہیلتھ انشورنس اسکیم لا رہے ہیں، انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام سے بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو معاشی استحکام کا راستہ دکھائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گڈگورننس کا قیام میرٹوکریسی سے مشروط ہے، بلوچستان کابینہ نے میرٹ کے فروغ کے پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے اور عمل درآمد یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 14

کو 27 لاکھ 77 ہزار کے جرمانے عائد، 560 لیٹر استعمال شدہ آئل، ایک من ناقص مچھلی تلف کر دی گئی جبکہ 300 سے زائد پوائنٹس کو مزید بہتری کے لیے اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے ۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ لاہور ڈویژن میں 68، فیصل آباد ڈویژن میں 64، ساہیوال میں 23، راولپنڈی میں 51 اور گوجرانوالہ میں 54 کی چیکنگ کی گئی۔ سرگودھا میں 66، ڈی جی خان میں 59، ملتان میں 68 اور بہاولپور میں 29 فش پوائنٹس کا معائنہ کیا گیا۔ سابقہ ہدایات پر عمل نہ کرنے، ناقص آئل کے استعمال، بدبودار ماحول کی بنا پر فش پوائنٹس کو بند کیا گیا، مچھلی کو خلیے ڈرموں میں کیمیکل اور مصالحہ جات ڈال کر سٹور کرنے پر کارروائی کی گئی۔ بند کیے گئے پوائنٹس پر استعمال شدہ گندے تیل میں فش فرائی کر کے فروخت کی جا رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ استعمال شدہ آئل کو دوبارہ خوراک کی تیاری میں استعمال کرنا سنگین جرم ہے، صحت بخش خوراک کی فراہمی کے لیے صوبہ بھر میں مسلسل کارروائیاں جاری ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی خوراک کے ہر چھوٹے بڑے کاروبار کو چیک کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوام تک معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 15

کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کو جدید طبی آلات سے لیس کرنے کے لئے چینی ساختہ طبی آلات کی اجازت نامے پر بھی غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہسپتالوں میں موجود سیکورٹی کمپنیوں اور سیکورٹی گارڈ کے خلاف عوامی شکایات کا سخت نوٹس لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہسپتالوں میں میڈیسن کی فراہمی کے فول پروف طریقہ کار اپنانے کا حکم دیا۔ اس موقع پر پنجاب میں ایم ایس پول قائم کرنے اور صرف پرفارمنس پر تنخواہیں بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں کیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کو ہاسپٹل سروے کی ذمہ داری بھی سونپنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہیلتھ میں عوامی فلاحی اقدامات کی افادیت کا جائزہ لینے کے لئے ڈیٹا اینالیسز سنٹر قائم کرنے کا حکم دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں 2500 سے زائد ڈاکٹرز کو دو سال سے کم عرصے میں جاب مل چکی ہے۔ پنجاب بھر میں کارڈیک میڈیسن ہوم ڈیلیوری کے لئے 5 لاکھ 85 ہزار مریض رجسٹرڈ کیے گئے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ہیپاٹائٹس اور ٹی بی کے 6 ہزار مریضوں کو گھروں کی دہلیز پر میڈیسن کی فراہمی کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 80 ارب روپے میڈیسن کے لئے دے رہے ہیں اور ادویات کا نہ ملنا ناقابل فہم ہے۔ اب عوام کے پیسے اور وقت ضائع نہیں ہوں گے، نااہل اور کام چوروں کو گھر جانا ہوگا۔

بقیہ 16

کے مطابق لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب پراپرٹی اونر شپ آرڈیننس کے خلاف آنے والی درجنوں درخواستوں کے بعد اس پر حکم امتناع جاری کر دیا تھا، پنجاب حکومت نے معاملے کو حل کرنے کے لئے اعلیٰ سطح پر قانونی کمیٹی تشکیل دے دی تھی جس نے عدلیہ اور وکلا کے اعتراضات کے مطابق قانون میں ترامیم تیار کر لی ہیں۔ پنجاب حکومت کے ایک اعلیٰ سطح کے ذریعے نے بتایا ہے کہ مجوزہ ترامیم کے مطابق پراپرٹی اونر شپ ایکٹ کے تحت درخواست سننے جانے کا فیصلہ سول جج کرے گا، اس ترمیم کے بعد ایسے کیسز جو پہلے ہی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور ان میں درخواست گزاروں نے ناجائز قبضہ کیے جانے کو درخواست کا حصہ بنایا ہے ایسی درخواستوں کو ضلعی کمیٹیوں کے پاس بھیجنے کا اختیار سول جج کے پاس ہوگا، یعنی درخواست براہ راست انتظامی کمیٹی کو نہیں دی جاسکے گی۔

بقیہ 17

روانگی میں 11 گھنٹے تک تاخیر کا بتایا گیا۔ فلائٹ شیڈول میں بتایا گیا کہ ریاض اور دبئی کی 3 پروازوں کو پشاور اور لاہور ایئرپورٹ پر اتارا گیا جبکہ مسقط، ابوظبی اور دبئی سے پشاور کی 3 پروازوں کو اسلام آباد لینڈ کروایا گیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اسلام آباد سے ریاض اور جدہ کی 2 پروازوں میں 9 اور 10 گھنٹے کی تاخیر کا بتایا گیا۔ فلائٹ شیڈول میں بتایا گیا کہ اسلام آباد ایئرپورٹ کی 21 پروازوں میں ایک سے 11 گھنٹے تک تاخیر کا بتایا گیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی کی 11، لاہور کی 10، ملتان کی 3، فیصل آباد، سیالکوٹ اور پشاور کی 2،2 پروازیں بھی تاخیر کا شکار ہوئیں۔

بقیہ 18

شرجیل میمن نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ طالبان کے حق میں اور ان کے دفاتر کھولنے کی بات کی۔ کالعدم ٹی ٹی پی نے اسکولوں، مساجد، امام بارگاہوں اور افواج پر حملے کیے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت کا طالبان کے لیے ہمیشہ نرم گوشہ رہا ہے، ان کے اپنے صوبے میں معصوم جانیں ضائع ہو رہی ہیں، مغرب کے بعد تھانے بند ہو جاتے ہیں، کے پی حکومت کی ذمے داری ہے وہاں لوگوں کو تحفظ فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی کی سندھ آمد پر خوش آمدید کہیں گے، وہ جہاں جانا چاہیں انہیں فول پروف سکیورٹی اور پروٹوکول دیں گے، سندھ حکومت کا نمائندہ وزیراعلیٰ کے پی کو لینے ایئرپورٹ جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ان کو جو پروگرام کرنا ہے، حکومت کو بتائیں، کسی گراونڈ میں پروگرام کرنا ہے تو ہم ان کو گراونڈ فراہم کریں گے، کوئی ایسی کوشش نہ کریں کہ لوگوں کو تکلیف ہو، قانون ہاتھ میں نہ لیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ قانون کے دائرے میں رہ کر جو سرگرمی کرنی ہے کریں، ان کو سہولت دینے کو تیار ہیں، پی ٹی آئی سے ہمارے نظریاتی اختلافات ہیں اور سوچ مختلف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں یہ ہوتا ہے، تنقید ہوتی ہے، عدم برداشت نہیں ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی کے دور میں کوئی ان پر تنقید کرتا تھا تو اگلے دن نیب کا نوٹس آ جاتا تھا۔

بقیہ 19

کالجز اعلان کردہ شیڈول کے مطابق ہی کھلیں گے، تمام تعلیمی ادارے 12 جنوری سے ہی کھلیں گے، چھٹیوں کی توسیع کے حوالے سے وائرل نوٹیفکیشن جعلی ہے۔ رانا سکندر حیات کے مطابق محکمہ تعلیم کی جانب سے چھٹیوں میں اضافے کا کوئی اعلان نہیں کیا گیا، پنجاب کے تعلیمی اداروں میں چھٹیوں میں توسیع نہیں کی جا رہی۔

بقیہ 20

خودمختار اداروں یا ذیلی تنظیموں میں بیک وقت ملازمت کی اجازت نہیں ہوگی۔ انتظامیہ کے مطابق دوہری ملازمت کے زمرے میں مستقل، کنٹریکٹ اور پارٹ ٹائم بنیادوں پر کی جانے والی تمام سرکاری ونجی نوکریاں شامل ہوں گی۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا کہ اگر کسی ملازم کے خلاف دوہری ملازمت ثابت ہوگئی تو اس کے خلاف ادارہ جاتی پالیسی کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 21

تو بھرپور جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ لبنان کے دارالحکومت بیروت میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عباس عراقچی نے واضح کیا کہ ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ مذاکرات کے لیے بھی تیار ہے، لیکن یہ مذاکرات باہمی احترام اور مفادات کی بنیاد پر ہونے چاہئیں، نہ کہ واشنگٹن کی جانب سے حکم نامے کی صورت میں۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ خطے میں خدشات پائے جا رہے ہیں کہ امریکا کے قریبی اتحادی اسرائیل ایک بار پھر ایران کو نشانہ بنا سکتا ہے، جیسا کہ جون میں ہونے والی 12 روزہ جنگ کے دوران ہوا، جس میں اسرائیل نے ایرانی فوج کے اعلیٰ افسران اور جوہری سائنس دانوں کو قتل کیا، جبکہ امریکا نے ایران کی جوہری افزودگی کی تنصیبات پر بمباری کی۔ عباس عراقچی نے کہا، امریکا اور اسرائیل ایران پر حملے کی آزمائش کر چکے ہیں، مگر یہ حکمت عملی بری طرح ناکام رہی۔ اگر وہ اسے دوبارہ دہرائیں گے تو انہیں وہی نتائج بھگتنا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا، ہم کسی بھی آپشن کے لیے تیار ہیں۔ ہم جنگ نہیں چاہتے، مگر اس کے لیے تیار ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے مذاکرات پر زور دیتے ہوئے کہا، ہم بات چیت کے لیے تیار ہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ مذاکرات باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر ہوں۔ جب امریکا یہ سمجھے گا کہ حکم چلانے کے بجائے تعمیری اور مثبت مذاکرات ہی درست راستہ ہیں، تب ہی ان مذاکرات کے نتائج نکل سکتے ہیں۔ عباس عراقچی کا دورہ بیروت ایسے وقت میں ہوا ہے جب لبنانی فوج نے ایران نواز تنظیم حزب اللہ سمیت مختلف دھڑوں کو غیر مسلح کرنے کے منصوبے کے پہلے مرحلے کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 22

وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان مضبوط، خوشگوار اور باہمی احترام پر مبنی روابط دونوں ممالک کے تعلقات کی مستحکم بنیاد کی عکاسی کرتے ہیں۔ اینڈی ہیلس نے انکشاف کیا کہ امریکی حکومت کے ایگزیم بینک کے اشتراک سے پاکستان کے اہم معدنی منصوبے ریکوڈک میں کئی ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مائننگ اینڈ منرلز کے شعبے میں امریکی نجی کمپنیوں کی دلچسپی تیزی سے بڑھ رہی ہے جو پاک امریکا اقتصادی تعاون میں اضافے کی علامت ہے۔ امریکی سفارتکار کے مطابق سرمایہ کاری کے حتمی فیصلے نجی امریکی کمپنیاں خود کرتی ہیں، تاہم امریکی سفارت خانے میں ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے غیر معمولی دلچسپی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی کمپنیاں جہاں سرمایہ کاری کرتی ہیں وہاں مقامی باصلاحیت افرادی قوت کو ترجیح دیتی ہیں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرتی ہیں۔ اینڈی ہیلس نے تعلیم کو پاک امریکا تعلقات کا بنیادی ستون قرار دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں فل برائٹ پروگرام کو 75 برس مکمل ہو چکے ہیں اور اب تک 9 ہزار سے زائد پاکستانی طلبہ امریکا کی ممتاز جامعات سے تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں کو یو ایس ای ایف پی اور ایجوکیشن یو ایس اے کے مفت تعلیمی وسائل سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان تعلقات نہایت مضبوط اور خوشگوار ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ متعدد مواقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کے بارے میں مثبت بیانات دے چکے ہیں۔ اینڈی ہیلس نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ میں ایسے وقت میں یہاں امریکی سفارت خانے کی قیادت کے لیے کام کرنے آیا ہوں۔ بطور امریکی سفارت کار یہاں آنے کے لیے یہ سب سے اچھا موقع ہے۔ موجودہ صورت حال پاکستان اور امریکا کے درمیان مضبوط بنیادوں پر استوار تعلقات کی عکاسی ہے۔

بقیہ 23

زونل ہیڈز کو 2 روز میں کنکریٹ کی چھتوں کا ڈیٹا مرتب کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، سکولوں کی پکی چھتوں کا ڈیٹا جمع کرنے کے بعد کرائے پر دینے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ فیصلے سے سکول کے طلباء کو بھی بسنت منانے کا موقع ملے گا، لاہور شہر میں 20 سال بعد بسنت منائی جا رہی ہے۔

بقیہ 24

کر جاتا ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے پاکستان بھر میں گھریلو صارفین اور کسانوں کو خاص طور پر شدید گرمی کے دنوں میں سخت مشکلات سے دوچار رکھا۔ چائنہ کنامک نیٹ کے مطابق یہ صورتحال تقریباً 18 ماہ قبل بدلنا شروع ہوئی، جب اکرم نے ایک دوست کے مشورے پر چینی کمپنی ایسٹرونرجی (Astronergy) کے تیار کردہ 36 شمسی فوٹو وولٹک پینلز اپنی چھت پر نصب کروائے۔ راشد اکرم نے کہا کہ سب سے نمایاں فرق بجلی کے بل میں آیا ہے۔ شدید گرمی کے دنوں میں بھی ہمارے ایئر کنڈیشنر اور فریج بغیر کسی رکاوٹ کے چلتے رہتے ہیں، یہ 21 کلوواٹ کا شمسی نظام سالانہ تقریباً 28.5 میگاواٹ آور بجلی پیدا کرتا ہے، جس سے گھریلو توانائی کے اخراجات میں نمایاں کمی آئی ہے اور سالانہ تقریباً 27.36 ٹن کاربن کے اخراج میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔ ایسے شمسی نظام اب پاکستان بھر میں تیزی سے مقبول ہو رہے ہیں۔ معاشی ترقی اور برقی آلات کے بڑھتے استعمال نے پرانے بجلی کے نظام پر دباؤ بڑھا دیا ہے، جس کے باعث چھتوں پر نصب شمسی توانائی، جو بجلی ایک محدود حل سمجھی جاتی تھی، اب توانائی کے تحفظ کے لیے ایک عملی اور موثر ذریعہ بنتی جا رہی ہے۔ اس کے اثرات زرعی شعبے میں بھی نمایاں ہیں۔ پنجاب کے ضلع اوکاڑہ میں شمسی توانائی سے چلنے والے آبپاشی کے نظام بجلی کے گرڈ سے منسلک پمپوں کی جگہ لے رہے ہیں، جو اکثر لوڈشیڈنگ اور مہنگے ٹیرف کے باعث متاثر ہوتے تھے۔ ایسٹرونرجی کی جانب سے فراہم کردہ 30 کلوواٹ کا شمسی نظام اب آبپاشی کے لیے مستحکم بجلی فراہم کر رہا ہے، جو سالانہ تقریباً 41 میگاواٹ آور بجلی پیدا کرتا ہے اور کاربن کے اخراج میں تقریباً 40 ٹن کمی لاتا ہے۔ اوکاڑہ فیلڈز کے مالک رائے شوکت علی نے کہا کہ بجلی کے اخراجات میں نمایاں کمی آئی ہے اور آبپاشی میں اب کوئی تاخیر نہیں ہوتی۔ شمسی پمپوں نے فصلوں کی منصوبہ بندی کو کہیں زیادہ قابل اعتماد بنا دیا ہے۔ قریب ہی واقع ایک واٹر پمپنگ اسٹیشن میں نصب ایسا ہی شمسی نظام سالانہ 42.8 میگاواٹ آور بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جو دیہی علاقوں کے بنیادی ڈھانچے کو برقرار رکھنے میں شمسی توانائی کے بڑھتے ہوئے کردار کو ظاہر کرتا ہے۔ حالیہ برسوں میں پاکستان کی شمسی توانائی کی مارکیٹ میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ کمرشل اعداد و شمار کے مطابق، 2022 سے 2024 کے درمیان پاکستان میں چین میں تیار کردہ شمسی پینلز کی سالانہ درآمدات تقریباً پانچ گنا بڑھ کر 16 گیگاواٹ تک پہنچ گئیں۔ توقع ہے کہ 2025 کے اختتام تک شمسی توانائی کی مجموعی درآمدات پاکستان کے قومی بجلی نظام کی نصب شدہ پیداواری صلاحیت کے قریب پہنچ جائیں گی۔ توانائی کے ماہرین کے مطابق چین اور پاکستان کے درمیان تعاون شمسی توانائی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں ملک بھر میں شمسی پینلز سے مزین چھتیں اور زرعی زمینیں بجلی کے نظام پر دباؤ کم کرنے، زرعی پیداوار میں بہتری اور ماحول دوست توانائی کے فروغ کا باعث بن رہی ہیں۔

بقیہ 25

لائسنس بنوائے۔ سال 2025 میں 1 لاکھ 83 ہزار سے زائد خواتین نے کار کے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے، 61 ہزار خواتین نے موٹر سائیکل، 1833 نے ایل ٹی وی ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 240 خواتین نے رکشے کا اور 150 خواتین کمرشل ہیوی ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ خواتین نے موٹر سائیکل کے 86 فیصد، کار کے 32 فیصد، ایل ٹی وی کے 12 فیصد زیادہ لائسنس بنوائے۔ سال 2025 میں 10 ہزار سے زائد خواتین نے ڈوپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے، سال 2025 میں 77 ہزار سے زائد خواتین نے ڈرائیونگ لائسنسوں کی تجدید کروائی، سال 2025 میں 2 ہزار سے زائد خواتین نے کمرشل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ پنک وین سے خواتین کی دہلیز پر لائسنس سہولیات مہیا کی جا رہی ہیں، کمرشل ڈرائیونگ لائسنس کے بعد خواتین کو روزگار کے مواقع میسر ہو گئے، خواتین کی لیے لاہور میں آبشار اور گوجرانولہ میں ویمن انکلیو سینٹر بنائے گئے ہیں۔ لاکھوں ماؤں بہنوں بیٹیوں نے آن لائن لائسنسنگ سہولیات سے استفادہ کیا، خواتین با اختیار ہوں گی تو معاشرے میں ایک واضح تبدیلی نظر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین لائسنس کے حصول کے بعد خوداعتمادی سے اپنی منزلوں تک با آسانی پہنچ سکتی ہیں، معاشرتی و سماجی ترقی کیلئے مردوں کیساتھ خواتین کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 26

پیٹرول اہلکار گاڑی کی تلاشی لے رہے تھے، ڈرائیور نے گاڑی کو بطور ہتھیار استعمال کیا۔ ملزمان نے ایجنٹس کو گاڑی سے کچلنے کی کوشش کی، جبکہ اہلکار نے اپنے دفاع میں فائرنگ کی۔ واضح رہے کہ امریکا کے ہی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ حکام نے چند روز قبل ریاست منی سوٹا میں چھاپے کے دوران خاتون کو سر پر گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا، ہلاک خاتون کی شناخت سینتیس برس کی رینی نکول گڈ کے نام سے کی گئی ہے۔

بقیہ 27

گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق دونوں فریق ایک دوسرے پر شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کے الزامات عائد کر رہے ہیں۔ ایک شامی فوجی ذریعے نے بتایا ہے کہ شامی فوج نے حلب کے شیخ مقصود اور اشرفیہ اضلاع میں ایس ڈی ایف کے ٹھکانوں پر بھرپور توپ خانے سے حملے شروع کر دیے ہیں، کارروائیاں ایس ڈی ایف کی جانب سے کیے گئے حملوں کے جواب میں کی جا رہی ہیں۔ ایس ڈی ایف نے حلب کے السید ان علاقے کو توپ خانے اور مارٹر گولوں سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں شہری علاقوں کو نقصان پہنچا۔

بقیہ 28

گا، اس معاملے کی تحقیقات کرائی جائیں گی جبکہ سوموار کو اس معاملے کی تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیے کہ متعدد بار کہا کہ پارکس کو ریسٹورنٹس کے لئے استعمال نہ کریں، پی ایچ اے کو پارکس کے حوالے سے پالیسی بنانے کا کہا ہے، عدالت نے استفسار کیا کہ ناصر باغ کے بارے میں کیا رپورٹ ہے۔ وکیل اظہر صدیق نے بتایا کہ ناصر باغ میں پارکنگ پلازہ کی آئینی حیثیت چیلنج کر دی گئی ہے۔ عدالت نے ماہرین کو ناصر باغ کے حوالے سے آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی، ناصر باغ کا معاملہ عدالت کی نگرانی میں مکمل ہوگا، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ گلی محلوں میں واشنگ سٹیشنز پر کارروائی کیوں نہیں کی جا رہی، کیوں ان سروس سٹیشنز کو جرمانے نہیں کیے جا رہے ہیں۔ عدالت نے محکمہ ماحولیات سے صنعتی یونٹس کی آلودگی سے متعلق رپورٹ طلب کی، محکمہ ماحولیات کے وکیل نے بتایا کہ عدالتی حکم پر 141 صنعتی یونٹس کو بند کیا گیا ہے، اب آلودگی یا دھواں چھوڑنے کی کوئی شکایت نہیں ہے، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ڈی جی ماحولیات اچھا کام کر رہے ہیں جبکہ بڑی مشکل سے صنعتی یونٹس میں ٹریٹمنٹ پلانٹ لگوائے گئے ہیں۔ عدالت نے مزید کہا کہ ان یونٹس کی فزیکل انسپکشن لازمی ہونا چاہیے جبکہ عدالت نے مختلف محکموں سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے کارروائی آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 29

موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، ریجنل آفیسر راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول غازی فیصل سلیم، ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار، ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹیگیشن، ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایس پی سی آئی اے، ڈویژنل ایس پیز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، تقریب میں پنجاب ہائی وے پٹرول کے شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر سجاد حیدر کی فیملی کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا، شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر سجاد حیدر نے ڈسٹرکٹ قصور میں فرائض کی انجام دہی کے دوران جام شہادت نوش کیا تھا، سی پی او سید خالد ہمدانی نے شہید کی فیملی سے ملاقات کی اور شہید کی خدمات کو سراہا، سی پی او نے پنجاب ہائی وے پٹرول کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام سے نوازا اور پنجاب ہائی وے پٹرول کے اہلکاروں کے بچوں نے جنھوں نے تعلیمی میدان میں 80 فیصد سے زائد نمبر حاصل کیے کو تحائف دیئے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے تقریب کے دوران پنجاب ہائی وے پٹرول کی پیشہ وارانہ خدمات کو سراہتے ہوئے فورس کی مجموعی کارکردگی، نظم وضبط اور افسران و اہلکاروں کی محنت و قربانیوں کو قابل تحسین پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا، تقریب کے اختتام پر ریجنل آفیسر راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول نے سی پی او کو اعزازی شیلڈ پیش کی۔

بقیہ 30

کو گرفتار کر کے 15 لیٹر شراب برآمد کی۔ تمام ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے تک راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ 31

ہیں کہ فوری طور پر تصادم کا خاتمہ کریں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کریں۔ انہوں نے مزید کہا شام میں مختلف گروہ جیسے کرد، دروز، مسیحی، سنی اور شیعہ آپس میں معاملات درست کرنے کی جانب آگے بڑھیں۔

بقیہ 32

عدالت نے مجرم کو سزا سنائی۔ سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 33

اور نفاذی نظام میں اصلاحات کے لیے ایک الگ سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جبکہ میپنگ اور ڈیٹا انٹیلی جنس کے موثر استعمال کے لیے خصوصی سب کمیٹی بھی قائم کر دی گئی ہے تا کہ پالیسی سازی شواہد اور ڈیٹا کی بنیاد پر کی جا سکے۔

بقیہ 34

کر کے غیر قانونی طور پر سزائیں سنائیں جو انصاف کے تقاضوں کے منافی ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے لاہور ہائیکورٹ سے درخواست کی ہے کہ اپیلوں کے حتمی فیصلے تک تینوں مقدمات میں ان کی سزا معطل کی جائے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے تھانہ گلبرگ، نصیر آباد اور ریس کورس میں درج نو مئی کے مقدمات میں سنائی گئی سزاؤں کے خلاف اپیلیں دائر کی ہیں۔

بقیہ 35

آئی اے کے امیگریشن ونگ کی کارکردگی اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے جاری مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے اور کراچی و لاہور کے ڈائریکٹرز سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیر داخلہ نے غیر قانونی امیگریشن میں ملوث مافیا کے خلاف بلاامتیاز اور سخت کارروائی جاری رکھنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انسانی سمگلرز ملک کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں، جنہیں قانون کے شکنجے میں لانا ناگزیر ہے۔ اجلاس میں بیرون ملک جانے والے پیشہ ور بھکاریوں اور ان کی پشت پناہی کرنے والے گروہوں کے خلاف موثر کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ بھکاری مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے۔ وزیر داخلہ نے ایف آئی اے کو امیگریشن قوانین پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایئرپورٹس پر سفری دستاویزات کی سخت سکریننگ کی جائے اور چیکنگ کے نظام کو مزید جدید اور موثر بنایا جائے۔ وزیر داخلہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امیگریشن کے نظام میں شفافیت اور بہتری لانے کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے تا کہ غیر قانونی سرگرمیوں کا مکمل سدباب ہو سکے۔

بقیہ 36

بھی سیاسی سرگرمی کے دوران قانون کی خلاف ورزی ہوئی تو اس کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں، تاہم جلسے پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کورنگی اور ساتھ زون میں بھی جلسے کی درخواستیں دی گئی ہیں اور انہیں قانون کے مطابق اجازت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت سے بات چیت جاری ہے اور کراچی میں جلسے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ ناصر شاہ نے کہا کہ تحریک انصاف کو جلسے کی اجازت مکمل طور پر قانون کے دائرے میں دی جا رہی ہے تا کہ سیاسی جماعتیں عوامی رابطے اور اپنے ایجنڈے کے مطابق سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

بقیہ 37

رپورٹس کے مطابق پھنس نے والی مچھلیاں ساحل کے تقریباً ایک کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہیں جن میں سے 6 مچھلیاں ہلاک ہو گئیں۔

بقیہ 38

غیر روایتی نظریے کا کھل کر اظہار کیا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ بطور کمانڈر ان چیف ان کے اختیارات کو صرف ان کی اپنی اخلاقیات اور سوچ محدود کرتی ہے، جبکہ بین الاقوامی قوانین یا دیگر ضوابط ان کے فوجی فیصلوں میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ انٹرویو میں جب ڈونلڈ ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا ان کی عالمی طاقت پر کوئی حد لاگو ہوتی ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ہاں، ایک چیز ہے، میری اپنی اخلاقیات، میرا اپنا دماغ ہی واحد چیز ہے جو مجھے روک سکتی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہیں بین الاقوامی قانون کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ کسی کو نقصان پہنچانے کے خواہاں نہیں ہیں۔ تاہم جب ٹرمپ سے مزید سوال کیا گیا کہ کیا ان کی انتظامیہ کو بین الاقوامی قوانین کی پابندی کرنی چاہیے تو انہوں نے کہا کہ وہ ایسا کرتے ہیں، لیکن ساتھ ہی یہ واضح کیا کہ یہ فیصلہ وہ خود کریں گے کہ یہ پابندیاں امریکا پر کب اور کیسے لاگو ہوں گی۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ بین الاقوامی قانون کی تعریف کیا کرتے ہیں۔ انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے پہلی بار انتہائی دوٹوک انداز میں اس نظریے کا اظہار کیا کہ عالمی سیاست میں طاقت کا فیصلہ قوانین، معاہدوں اور روایات کے بجائے قومی قوت کو کرنا چاہیے۔ ان کے مطابق فوجی، معاشی اور سیاسی طاقت کے تمام ذرائع استعمال کر کے امریکی برتری کو یقینی بنانا ان کی ترجیح ہے۔ دوسری جانب گرین لینڈ سے متعلق صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ 1951 کے معاہدے کے تحت امریکی فوجی اڈے دوبارہ کھولنا کافی نہیں، بلکہ اس خطے کی ملکیت انتہائی اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملکیت ایسی صلاحیتیں فراہم کرتی ہے جو محض لیز یا معاہدے سے حاصل نہیں کی جا سکتیں۔ صدر ٹرمپ کے مطابق گرین لینڈ کا حجم ٹیکساس سے تین گنا بڑا ہے جبکہ وہاں کی آبادی 60 ہزار سے بھی کم ہے، اور اس کا کنٹرول کسی نیٹو اتحادی کے پاس ہونا ان کے نزدیک کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتا۔ صدر ٹرمپ کا یورپ سے متعلق انٹرویو میں کہنا تھا کہ وہ یورپی ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتے ہیں، لیکن انہیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر امریکا نہ ہوتا تو روس اس وقت پورے یوکرین پر قابض ہو چکا ہوتا۔

بقیہ 39

اور اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال کے گرد گھوم رہی ہیں۔ الزام ہے کہ تحلیل شدہ کمپنیوں نے قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ٹینڈرنگ کے عمل میں حصہ لیا۔ ایف آئی اے نے لیسکو، گیپکو، میپکو اور فیسکو کے افسران سے تقریباً تین گھنٹے تک پوچھ گچھ کی، جبکہ ہر افسر سے 20، 20 سوالات کے تحریری جوابات بھی حاصل کیے گئے ہیں۔ ایف آئی اے نے 7 اپریل 2025 کے بعد دیے گئے تمام ٹھیکوں اور ٹینڈرز کا جزوی ریکارڈ بھی قبضے میں لے لیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں ٹھیکے دینے کے عمل میں لیسکو کے بعض افسران کی مبینہ ملی بھگت کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسمارٹ میٹر منصوبے میں اختیارات کے ناجائز استعمال کے ذریعے قومی خزانے کو کروڑوں روپے نقصان پہنچانے کا شبہ ہے، جبکہ لیسکو پر نئے اسمارٹ میٹرز کی خریداری میں پیپرا قوانین کی سنگین خلاف ورزی کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں۔

بقیہ 40

سے بڑی جنگ لڑ رہے ہیں، مودی کے دور میں مقبوضہ کشمیر میں بدترین نسل کشی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری ماں، بہنوں اور بیٹیوں کی عزتیں پامال کی گئیں لاکھوں کشمیری شہید ہزاروں لاپتہ ہیں مگر دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، مساجد شہید کی جا رہی ہیں، خاموشی ظلم کو طاقت دیتی ہے، خوف کے بت کو ٹوٹنا ہوں گے، مشعال ملک نے کہا یاسین ملک ساڑھے چھ سال سے تہائی سیل میں قید ہیں، انہیں وکیل اور اہل خانہ سے ملاقات کا حق نہیں دیا جا رہا۔

بقیہ 41

کا سب سے بڑا جلسہ کریں گے۔

بقیہ 42

سنے اور افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ وہ "آئی جی پی شکایت سیل 1715" پر بھی اپنے مسائل درج کروا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریاں منعقد کر رہے ہیں تا کہ اسلام آباد کے ہر شہری کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کیے جا سکیں۔

بقیہ 43

کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 1,780 گرام چرس، 3,535 گرام ہیروئن، 1,008 گرام آئس، 11 عدد مختلف بور کے پستول اور ایک عدد گن معہ ایمونیشن برآمد ہوئی۔ مزید برآں، اشتہاری اور عدالتی مفروران کے 8 مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں آئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم ہے اور کسی بھی عناصر کو امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر دیں تا کہ شہر کو جرائم سے پاک بنایا جا سکے۔

بقیہ 44

ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی فراہم کر رہا ہے۔ گزشتہ سال کے دوران ضلع بھر میں ٹریفک قوانین و روڈ سیفٹی کے حوالے سے 146 آگاہی لیکچرز، 46 آگاہی واکس کا انعقاد کیا گیا جبکہ شاہراہوں پر 1 ہزار 134 آگاہی پینافلیکس آویزاں کرنے کے ساتھ 7 ہزار 500 سے زائد ٹریفک آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی ایجوکیشن سے ہی شہریوں کے رویوں میں مثبت تبدیلی ممکن ہے۔ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد سے نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی زندگیاں بھی محفوظ بنائی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دینی و دنیاوی تعلیم کے ساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔

بقیہ 45

احکامات ماننے کو تیار نہیں، ہمارے پاس کوئی فورم موجود نہیں جہاں جا کر اپنا کیس رکھیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ بشریٰ بی بی اور بانی کا کیس اس لیے نہیں لگا رہے تا کہ انکی ضمانت نہ ہو۔ پرسوں میرے وارنٹ جاری کیے، آج جج صاحب خود چھٹی پر چلے گئے، ہم نے پیر تک مہلت مانگی تھی، ہماری بات نہیں سنی گئی، آج ہم عدالت میں پیش ہوئی لیکن سماعت ملتوی کر دی گئی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اچھی بات ہے کہ سندھ حکومت راستے نہیں روک رہی، سندھ حکومت سمجھدار ہے، پنجاب میں عوامی مینڈیٹ والی حکومت نہیں اس لیے راستے روکے۔

بقیہ 46

کیا گیا۔ ایس پی صدر کے مطابق گرفتار شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 47

کے علاقے ڈلگراں چوک کی ایک رہائشی خاتون کا انتقال ہوا تھا جن کا نام عابدہ پروین تھا، جس کی بنیاد پر غلط فہمی پیدا ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام خبریں سراسر غلط ہیں، میری والدہ کے انتقال سے متعلق جھوٹی معلومات پھیلا کر مداحوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے۔ بیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ صرف مستند ذرائع پر ہی اعتماد کریں اور غیر مصدقہ معلومات کو آگے پھیلانے سے گریز کریں۔ ان جھوٹی خبروں کے باعث ملک اور بیرون ملک عابدہ پروین کے مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تھی۔ خاندانی ذرائع نے عوام اور میڈیا سے درخواست کی ہے کہ غیر تصدیق شدہ اطلاعات نہ پھیلائی جائیں اور فنکارہ اور ان کے اہل خانہ کی نجی زندگی کا احترام کیا جائے۔ واضح رہے کہ عابدہ پروین کا شمار پاکستان کی سب سے نامور اور عظیم گلوکاراں میں شمار کیا جاتا ہے اور ان کے دنیا بھر میں لاکھوں مداح موجود ہیں۔ اہل خانہ نے مداحوں کو یقین دلایا ہے کہ عابدہ پروین محفوظ اور خیریت سے ہیں۔

بقیہ 48

500 سے زائد ٹریفک آگاہی پمفلٹ تقسیم کیے، تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کا ایجوکیشن یونٹ روزانہ کی بنیاد پر سکول، کالجز، سرکاری و نجی اداروں، اڈہ جات سمیت شاہراہوں پر عوام الناس کو روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک ایجوکیشن فراہم کرنے میں مصروف ہے۔ گزشتہ سال ٹریفک ایجوکیشن ونگ نے ضلع بھر میں ٹریفک قوانین و روڈ سیفٹی کے حوالے سے 146 لیکچر، 46 آگاہی واک کا انعقاد کیا، شاہراہوں پر 1 ہزار 134 آگاہی پینافلیکس آویزاں کرنے کیساتھ 7 ہزار 500 سے زائد پمفلٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی ایجوکیشن سے ہی رویوں میں تبدیلی ممکن ہے، ضلع راولپنڈی میں ٹریفک ایجوکیشن سے روڈ ڈسپلن اور ٹریفک کی روانی میں بہتری آئی ہے، ٹریفک قوانین پر عمل کر کے اپنے ساتھ دوسروں کو بھی حادثات سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے، انکا مزید کہنا تھا کہ زندگی میں اچھی تربیت کیلئے دینی و دنیاوی تعلیم کے ساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی ضروری ہے، ٹریفک قوانین کو سمجھ کر ان پر ذمہ داری کے ساتھ عمل پیرا ہونا مہذب قوم کی پہچان ہے، زندگی خوبصورت اور انمول ہے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر کے اسے حادثات کی نظر نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ 49

جبکہ پہاڑی علاقوں میں عارضی اساتذہ کیم مارچ سے 30 جون تک خدمات انجام دیں گے۔ پرائمری اسکولوں کے لیے عارضی اساتذہ کی بھرتی کا اختیار سب ڈویژنل آفیسر کے پاس ہوگا، جبکہ مڈل اسکولوں کے لیے یہ اختیار ڈسٹرکٹ ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر کو حاصل ہوگا۔ ہائی اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں میں عارضی اساتذہ کی تعیناتی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دائرہ اختیار میں ہوگی۔ اساتذہ کی بھرتی کے پورے عمل کی نگرانی متعلقہ پیرنٹ ٹیچر کونسل کرے گی۔

بقیہ 50

تک ٹیرف عائد کیے جانے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے، جس نے مودی حکومت کو عالمی پابندیوں کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ روس کے ساتھ بڑھتی قربت بھارت کے لیے فائدے کے بجائے ایک بڑے معاشی چیلنج میں بدلتی دکھائی دے رہی ہے۔ بھارتی جریدے انڈیا ٹوڈے کے مطابق گزشتہ سال صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارتی درآمدات پر 25 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا، جبکہ روسی تیل کی خریداری پر اضافی 25 فیصد جرمانہ بھی لگایا گیا تھا۔ اس فیصلے کے نتیجے میں بعض بھارتی مصنوعات پر مجموعی ڈیوٹیاں 50 فیصد تک پہنچ گئی تھیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ دسمبر 2025 میں امریکی صدر نے بھارتی چاول پر نئے ٹیرف عائد کرنے کی دھمکی دی تھی، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی کشیدگی مزید بڑھ گئی۔ دوسری جانب ماہرین کے مطابق بھارتی معیشت کو خدشہ ہے کہ عالمی پابندیوں کے نتیجے میں معاشی ماڈل پر سوالیہ نشان لگ سکتا ہے۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ مودی حکومت کے زیر اثر مضبوط معاشی طاقت بنانے کا دعویٰ ریاست کی پالیسی پر سوالیہ نشان ہے۔ شائننگ انڈیا کا نعرہ اور معاشی ترقی کے دعوے جھوٹے ثابت ہو رہے ہیں۔ بھارت اب عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہو رہا ہے، جبکہ دوسری جانب عوام سخت معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ 51

ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ایسے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 52

آپریٹنگ اخراجات پورے کرنے اور ملک کے صاف توانائی کے جانب منتقلی میں مدد فراہم کر رہا ہے۔ ملتان میں لیاقت رفیق اسپتال میں نصب 300 کلوواٹ کا شمسی توانائی نظام اسپتال کی بجلی کا ایک اہم ذریعہ ہے، جو بجلی کی فراہمی میں رکاوٹ کی صورت میں ضروری طبی آلات کو فعال رکھتا ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق اس نظام نے مریضوں کی دیکھ بھال کے تحفظ کو مضبوط بنایا ہے۔ صنعتی ادارے بھی اس تبدیلی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، کاموکی میں جی ٹی روڈ پر واقع پاک رائس مل میں نصب 400 کلوواٹ کا روف ٹاپ شمسی نظام سالانہ تقریباً 54 لاکھ 60 ہزار کلوواٹ آور بجلی پیدا کرتا ہے، جس سے کاربن اخراج میں 520 ٹن سے زائد کمی آتی ہے۔ پاک رائس مل کے نمائندے احمد الیاس نے کہا کہ پاک پورے پاکستان میں چینی کمپنیاں شمسی پینلز کی تنصیب کے بعد بجلی کے اخراجات میں بہتری آئی ہے اور پیداوار کو مستحکم بنایا گیا ہے۔ یہ منصوبے چینی کمپنیوں کے اس وسیع عمل کی عکاسی کرتے ہیں جس کے تحت تجدید توانائی کو مقامی حالات کے مطابق ڈھالنے کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسٹرونرجی کے مشرق وسطیٰ اور افریقہ کے ریجنل ڈائریکٹر ٹیمور شوکت نے کہا کہ پاکستانی حکومت ملک کی توانائی کے شعبے کو قومی انحصار گھٹانے کے لیے تیار شدہ صاف توانائی کو فعال طور پر فروغ دے رہی ہے۔

بقیہ 53

سیکرٹری کمیٹی کا اجلاس جمعہ کے روز منعقد ہوا جس میں صوبہ بھر میں ای گورننس کے فروغ کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں ای ہیلتھ، ای پروکیورمنٹ، عملدرآمد اور جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (پی آئی ٹی بی) کو مارچ تک ای بزنس پر پراجیکٹ کی تعداد 310 تک بڑھانے کا ہدف دیا گیا۔ محکموں کی کامیابی کے لئے ای فائلنگ سسٹم پر عملدرآمد کے بعد فیلڈ دفاتر اور ذیلی اداروں کو بھی ای فائلنگ پر منتقل کرنے کا حکم دیتے ہوئے چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ سرکاری امور میں شفافیت اور تیزی کے لیے پنجاب حکومت کے آئی ٹی اقدامات اور انتظامی امور کی ایک مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی امور کو ڈیجیٹائزیشن سے عوام کو دفتروں کے چکروں سے نجات ملے گی۔ چیف سیکرٹری نے آئی ٹی اصلاحات کو کامیابی سے عملدرآمد پر پی آئی ٹی بی کی کارکردگی کی شاندار الفاظ میں تعریف کی۔ چیئرمین پی آئی ٹی بی نے اجلاس کو بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب کے 15 محکموں کی جانب سے 210 خدمات ای فائلنگ پر جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ای پورٹل سے اب تک 17622 درخواستیں موصول ہوئیں جبکہ صرف 14 ہزار سے زائد درخواستیں ای فائلنگ سے مکمل کیا جا چکا ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور تمام محکموں کے سیکرٹریز نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری (جنوبی پنجاب)، تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

بقیہ 54

باہر نکل آئے اور کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکلے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.8 ریکارڈ کی گئی، زیر زمین گہرائی 159 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ بعد کسی بھی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ اس سے کچھ دیر قبل بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جن کی شدت 6.1 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز تاجکستان اور افغانستان کا سرحدی علاقہ تھا۔

بقیہ 55

کے ٹھکانوں پر بھرپور توپ خانے سے حملے شروع کر دیے ہیں، کارروائیاں ایس ڈی ایف کی جانب سے کیے گئے حملوں کے جواب میں کی جا رہی ہیں۔ ایس ڈی ایف نے حلب کے السید ان علاقے کو توپ خانے اور مارٹر گولوں سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں شہری علاقوں کو نقصان پہنچا۔

بقیہ 56

فرد کو گرفتار کر کے 51 پتنگیں اور 6 ڈوریں تحویل میں لے لیں۔ اسی طرح ایک اور کارروائی میں 5 پتنگیں، 6 ڈوریں اور پتنگیں بنانے کا سامان برآمد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق تمام افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ پتنگ بازی کو ایک جان لیوا کھیل ہے جس کی روک تھام اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔

بقیہ 57

کی حالت بہتر ہونے پر تفصیلی ریکارڈ لیا جائے گا۔ یادر ہے کہ گزشتہ روز بھی ایک یونیورسٹی میں ایک طالبہ نے خودکشی کی کوشش کی تھی، تاہم پولیس کی بروقت کارروائی سے جان بچا لی گئی اور طالبہ کا علاج جاری ہے۔

بقیہ 58

نئے بجٹ میں مستقبل کی ضروریات کو مد نظر رکھا جا رہا ہے۔ حکومت بجٹ میں معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے پروگرام ہے۔ نئے بجٹ میں آئی ٹی اور ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے سہولتوں اور ٹیکس مراعات کے ساتھ صنعتی ترقی کے منصوبے تجویز دیئے گئے ہیں۔ توانائی منصوبوں کی ملازمت اور پیداوار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ٹیکس نظام میں ناانصافیاں دور کرنے کے لیے ٹیکس تجاویز پر غور کیا جا رہا ہے۔ ہدایت کی گئی ہے کہ وزارت خزانہ کیلئے خصوصی فارم بھی جاری کیا جائے گا۔ بیک گراؤنڈ میں ان تمام کا جائزہ لیا جائے گا۔ اثرات سے بچاؤ کے لیے بجٹ سازی کے دوران ترجیح دی جائے گی۔

راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول کے 22ویں یوم تاسیس کی پُروقار تقریب

مہمان خصوصی سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی تھے، ریجنل آفیسر راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول غازی فیصل سلیم کی شرکت

تقریب میں پنجاب ہائی وے پٹرول کے شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر سجاد حیدر کی فیملی کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول کے 22ویں یوم تاسیس کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد، سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت، ریجنل آفیسر راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول غازی فیصل سلیم، ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹیگیشن، ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایس پی سی آئی اے، ڈویژنل ایس پیز سمیت دیگر افسران کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول کے 22 ویں یوم تاسیس کے (بقیہ نمبر 29)

سی پی او سید خالد ہمدانی پنجاب ہائی وے پٹرول کے 22ویں یوم تاسیس کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

روات پولیس کی کارروائی، اہلیہ کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

بیوی کے سابقہ شوہر کو پھنسانے کی کوشش ناکام، آلہ قتل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ہفتے قبل اپنی اہلیہ کو قتل کر کے اس کے سابقہ شوہر پر الزام عائد کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق زیر حراست ملزم نے فائرنگ کر کے اپنی اہلیہ کو قتل کیا اور خود کو معمولی زخمی کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ مقتولہ کے سابقہ شوہر نے فائرنگ کی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش کی تو ملزم نے جرم کا اعتراف کر لیا۔ ملزم کی نشاندہی پر قتل میں استعمال ہونے والا پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا۔ ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزم کے خلاف ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے چالان عدالت پیش کیا جائے گا اور اسے قانون کے مطابق سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 4 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 افراد کو حراست میں لے کر مجموعی طور پر 52 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے دو افراد کو گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 17 لیٹر شراب برآمد کی، جبکہ چکلالہ پولیس نے ایک فرد (بقیہ نمبر 30)

شام میں جنگ کے خاتمے کیلئے فریقین مذاکرات شروع کریں، امریکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نمائندہ خصوصی برائے مشرق وسطیٰ تھامس براک نے کہا ہے کہ شام میں جنگ کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ فریقین مذاکرات شروع کریں۔ عرب میڈیا کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کے نمائندہ خصوصی برائے مشرق وسطیٰ تھامس براک نے کہا ہے کہ خارجی عناصر شام کے معاملے میں دخل اندازی سے گریز کریں۔ تھامس براک نے واضح کیا کہ ہم شامی حکومت اور کرد گروپ (ایس ڈی ایف) سے اپیل کرتے (بقیہ نمبر 31)

سی پی او خالد ہمدانی پنجاب ہائی وے پٹرول کے شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر سجاد حیدر کی فیملی کو تحائف دے رہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی مؤثر کارروائی، منشیات سپلائر کو 9 سال قید کی سزا

1 کلو 650 گرام چرس برآمدگی کیس، مجرم ثمر کمال کو بھاری جرمانہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر پولیسنگ اور مضبوط پیروی کے باعث منشیات کے مقدمے میں معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو قرار واقعی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم ثمر کمال کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ مجرم کو تھانہ صدر واہ پولیس نے دسمبر 2024 میں گرفتار کیا تھا، جس کے قبضے سے 1 کلو 650 گرام چرس برآمد ہوئی تھی۔ ٹھوس شواہد اور مؤثر تفتیش کی بنیاد پر (بقیہ نمبر 32)

ڈاکٹر یاسمین راشد نے نومئی کے تین مقدمات میں لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے نومئی کے تین مختلف مقدمات میں سنائی گئی سزاؤں کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں اپیلیں دائر کر دیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے اپنے وکیل رانا مدثر عمر کی وساطت سے اپیلیں دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ ٹرائل کورٹ نے حقائق کا درست جائزہ لیے بغیر تینوں مقدمات میں سزائیں سنائیں، اپیلوں میں استدعا کی گئی ہے کہ نومئی کے تینوں مقدمات میں سنائی گئی سزاؤں کو کالعدم قرار دیا جائے۔ اپیلوں میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ٹرائل کورٹ نے جلد بازی میں ٹرائل مکمل (بقیہ نمبر 34)

کمزور طبقات کیلئے سماجی تحفظ کے نظام کو وسعت دینے کا فیصلہ

مختلف شعبوں میں پیشرفت کو یقینی بنانے کیلئے بین الحکماتی سب کمیٹیاں قائم کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) حکومت نے کمزور اور پسماندہ طبقات کے لیے سماجی تحفظ کے نظام کو مزید وسعت دینے اور پائیدار ترقی کے اہداف پر موثر عملدرآمد کے لیے اہم فیصلے کر لیے ہیں، اس مقصد کے تحت مختلف شعبوں میں پیشرفت کو یقینی بنانے کے لیے بین الحکماتی سب کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق نئی سب کمیٹیاں غربت کے خاتمے، صنفی مساوات کے فروغ اور معاشرتی عدم مساوات کم کرنے پر خصوصی توجہ دیں گی۔ خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے بھی ٹھوس اقدامات تجویز کیے جائیں گے۔ قانونی (بقیہ نمبر 33)

سی پی او سید خالد ہمدانی پنجاب ہائی وے پٹرول کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام دیتے ہوئے

پیشہ ور بھکاری مافیا کے خلاف سخت ترین کارروائی کا حکم

انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، پاکستان کے نام پر حرف آنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی، محسن نقوی

بھکاری مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے، وفاقی وزیر داخلہ کی ایف آئی اے کو امیگریشن قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر قانونی امیگریشن میں ملوث عناصر اور پیشہ ور بھکاری مافیا کے خلاف سخت ترین کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، پاکستان کے نام پر حرف آنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔ جمعہ کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایف (بقیہ نمبر 35)

تحریک انصاف کو جناح گراؤنڈ میں جلسے کی اجازت

پی ٹی آئی یا کسی بھی جماعت کی پرامن سیاسی جدوجہد کو روکا نہیں جا سکتا

کراچی (آئی آئی پی) سندھ حکومت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو جناح گراؤنڈ میں جلسہ کرنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر ناصر شاہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کو سندھ میں بھرپور استقبال کیا جائے گا، اور وہ سیاسی سرگرمیاں بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پی ٹی آئی یا کسی بھی جماعت کی پرامن سیاسی جدوجہد کو روکا نہیں جا سکتا۔ ناصر شاہ نے کہا کہ اگر کسی (بقیہ نمبر 36)

نیوزی لینڈ کے ساحل پر پھنس کر 6 وہیل مچھلیاں ہلاک

کینبرا (این این آئی) نیوزی لینڈ کے جنوبی جزیرے کے ایک دور دراز ساحل پر بڑے پیمانے پر وہیل مچھلیاں پھنس گئی تھیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ 55 کے قریب پائلٹ وہیل مچھلیاں ساحل کنارے پھنسی تھیں جن میں زیادہ تر واپس سمندر میں جانے میں کامیاب ہوئیں تاہم بدقسمتی سے 15 مچھلیاں بری طرح پھنس گئیں۔ (بقیہ نمبر 37)

فوجی طاقت کے استعمال کا اختیار رکھتا ہوں، امریکی صدر

کوئی بھی عالمی قانون مجھے فوجی کارروائی سے نہیں روک سکتا، امریکی صدر

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ دنیا بھر کے ممالک پر فوجی طاقت کے استعمال کا اختیار رکھتا ہوں۔ بطور کمانڈر ان چیف ان کے اختیارات کو صرف ان کی اپنی اخلاقیات اور سوچ محدود کرتی ہے، جبکہ بین الاقوامی قوانین یا دیگر ضوابط ان کے فوجی فیصلوں میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کو دیے گئے ایک تفصیلی انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے عالمی سطح پر طاقت کے استعمال سے متعلق اپنے سخت اور (بقیہ نمبر 38)

پنجاب بھر میں سٹرابیری کی کاشت میں اضافہ ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) مری کی پہاڑیوں، وادی سون سکیسر، جھنگ، سرگودھا، لاہور، قصور، شیخوپورہ، پسرور، سیالکوٹ، گجرات، جہلم، راولپنڈی، اسلام آباد میں سٹرابیری کی کاشت میں مسلسل اضافہ ہونے لگا ہے جبکہ بعض دیگر علاقوں میں بھی سٹرابیری کی کاشت کے بہترین نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین اثمار نے بتایا کہ سٹرابیری ایک پرکشش، خوبصورت اور ذائقے دار پھل ہے جو اپنی غذائی اور طبی خصوصیات کی وجہ سے بہت مشہور اور جاذب نظر ہے۔

اسمارٹ میٹر منصوبے میں 6.5 ارب روپے کی کرپشن

لیسکو، گیپکو، میپکو اور فیسکو نے ایف آئی اے کو ریکارڈ فراہم کر دیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) اسمارٹ میٹر منصوبے میں مبینہ طور پر ساڑھے چھ ارب روپے کی کرپشن کے معاملے پر ایف آئی اے کی تحقیقات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو، گیپکو، میپکو اور فیسکو نے ایف آئی اے کو مطلوبہ ریکارڈ فراہم کر دیا ہے۔ ایف آئی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ تحقیقات غیر قانونی ٹھیکوں، جعلی دستاویزات (بقیہ نمبر 39)

28 جنوری کو یاسین ملک کو پھانسی دیئے جانے کا خدشہ ہے

کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے، میں صرف اپنے شوہر کیلئے نہیں بلکہ لاکھوں شہدا کے لیے نکلی ہوں

کشمیر کی تحریک سیاست نہیں، قربانی اور انسانیت کی تحریک ہے، مشعال ملک کا راولپنڈی راجہ بازار میں تاجروں سے خطاب

راولپنڈی (آئی آئی پی) بھارت کی تہاڑ جیل میں قید حریت رہنما یاسین ملک کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے مشال ملک نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ یاسین ملک کو 28 جنوری کو پھانسی دی جا سکتی ہے، کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے، میں صرف اپنے شوہر کے لیے نہیں بلکہ لاکھوں شہدا کے لیے نکلی ہوں۔ راولپنڈی راجہ بازار کے باجوڑ پلازہ میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے مشعال ملک نے کہا کشمیر کی تحریک سیاست نہیں، قربانی اور انسانیت کی تحریک ہے، ہم ووٹ یا اقتدار کے لیے نہیں نکلے کشمیری اور فلسطینی آج حق و باطل کی سب (بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی کا کراچی میں تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ کرنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کراچی میں تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سندھ کے دورے کے موقع پر جاری پیغام میں سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا پیغام سندھ کے کونے کونے تک پہنچاؤں گا۔ انہوں نے سندھ کی عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اسٹریٹ موومنٹ کی تیاری میں سندھ کے عوام بھرپور ساتھ دیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ اتوار ساڑھے 4 بجے کراچی میں مزار قائد پر شہر کی تاریخ (بقیہ نمبر 41)

زیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی کھلی کچہری، فوری حل کے احکامات

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کے تحت اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس محمد جواد طارق اور ایس ایس پی انوسٹیگیشن محمد عثمان طارق بٹ نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل (بقیہ نمبر 42)

48 گھنٹوں میں موثر کریک ڈاؤن، 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات اور اسلحہ برآمد، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے 48 گھنٹوں سے موثر کریک ڈاؤن جاری رکھا۔ تفصیلات کے مطابق تھانوں ویمن، شالیمار، گولڑہ، سمبل، ترنول، سبزی منڈی، نون، بھلگراں، شہزاد ٹاؤن، کوہسار، رمنا، سنگجانی، شمس کالونی اور کورال پولیس ٹیموں نے 28 ملزمان (بقیہ نمبر 43)

یوم تاسیس میں شرکت کے لئے آنے پر سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کو ایک بچی گلدستہ پیش کر رہی ہے

آئی ایم ایف پروگرام 2027 تک ہمارا پروگرام ہے

2022 میں جب ہم حکومت میں آئے تو فون کر کے ایل سی کھلوانی پڑتی تھی

اس وقت ہم اندرونی طور پر تقریباً ڈیفالٹ ہو چکے تھے، وفاقی وزیر احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام 2027 تک ہمارا پروگرام ہے۔ ایک انٹرویو میں احسن اقبال نے کہا کہ 2022 میں جب ہم حکومت میں آئے تو فون کر کے ایل سی کھلوانی پڑتی تھی، اس وقت ہم اندرونی طور پر تقریباً ڈیفالٹ ہو چکے تھے۔ احسن اقبال نے کہا کہ یکم اپریل 2022 کو وزارت خزانہ نے ہاتھ کھڑے کر دیے تھے، وزارت خزانہ نے کہا ترقیاتی بجٹ کی آخری سہ ماہی کی قسط جاری نہیں کریں گے، اس وقت ہم جہاں آگئے ہیں یہ حیرت انگیز ریکوری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فچ، اسٹینڈرڈ اینڈ پور، موڈیز نے پاکستان کی ریٹنگ کو اپ گریڈ کیا، مہنگائی 38 فیصد کے حساب سے اوپر جا رہی تھی، آج وہ 4 فیصد پر آگئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ لارج اسکیل مینوفیکچرنگ بڑھ رہی ہے۔

آئی جی ٹریفک کے احکامات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کی بھرپور آگاہی مہم

گزشتہ سال 146 لیکچر، 46 آگاہی واکس اور 7 ہزار 500 سے زائد پمفلٹس تقسیم

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کا ایجوکیشن یونٹ عوام الناس میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے میں مصروف عمل ہے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی ٹریفک پولیس کا ایجوکیشن ونگ روزانہ کی بنیاد پر سکولوں، کالجوں، سرکاری و نجی اداروں، بس اڈوں اور شاہراہوں پر شہریوں کو (بقیہ نمبر 44)

کراچی: صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی ای کمپلیکس ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ ملیر میں بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے تربیتی پروگرام فیز 16 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

حکومت عدالتی احکامات ماننے کو تیار نہیں

ہمارے پاس کوئی فورم نہیں جہاں جا کر اپنا کیس رکھیں، علیمہ خان

راولپنڈی (آئی آئی پی) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ حکومت عدالتی احکامات ماننے کو تیار نہیں، ہمارے پاس کوئی فورم نہیں جہاں جا کر اپنا کیس رکھیں۔ عمران خان قید تنہائی میں ہیں، ہمیں نہیں معلوم وہ کس حال میں ہیں۔ راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ حکومت عدالتی (بقیہ نمبر 45)

آر پی او اور راولپنڈی پنجاب ہائی وے پٹرول سی پی او سید خالد ہمدانی کو اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں

اہلیہ کو قتل کر کے مقتولہ کے سابق شوہر پر الزام لگانے والا شخص گرفتار

گرفتار شخص نے فائرنگ کر کے اپنی اہلیہ کو قتل جبکہ خود کو معمولی زخمی کر دیا تھا، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ہفتے قبل اپنی اہلیہ کو قتل کر کے اہلیہ کے سابق شوہر پر الزام لگانے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق قتل میں استعمال ہونے والا پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار شخص نے فائرنگ کر کے اپنی اہلیہ کو قتل جبکہ خود کو معمولی زخمی کر دیا تھا، ملزم نے ڈھونگ رچایا کہ مقتولہ کے سابق شوہر نے ان پر فائرنگ کی ہے۔ پولیس نے تفتیش کی تو ملزم نے اپنی اہلیہ کو قتل اور خود کو زخمی کرنے کا انکشاف کیا، گرفتار شخص کے انکشاف و نشاندہی پر آلہ قتل بھی برآمد (بقیہ نمبر 46)

عابدہ پروین کے انتقال کی خبریں جھوٹی اور بے بنیاد ہیں

سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی اطلاعات میں کوئی صداقت نہیں، بیٹی کا بیان

لاہور (آئی آئی پی) سوشل میڈیا پر معروف گلوکارہ عابدہ پروین کے انتقال سے متعلق گردش کرنے والی خبریں جھوٹی اور بے بنیاد ہیں۔ عابدہ پروین کی بیٹی نے ان خبروں کی واضح طور پر تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی والدہ بالکل خیریت سے ہیں اور صحت مند ہیں۔ صورتحال کی وضاحت کرتے ہوئے عابدہ پروین کی بیٹی نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی اطلاعات میں کوئی صداقت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعرات کے روز لاہور (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی ٹریفک پولیس کی ٹریفک قوانین سے آگاہی مہم

گزشتہ سال 146 ٹریفک قوانین و روڈ سیفٹی لیکچر فراہم، 46 ٹریفک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

1 ہزار 134 آگاہی پینا فلیکس آویزاں کرنے کیساتھ 7 ہزار 500 سے زائد ٹریفک آگاہی پمفلٹ تقسیم کیے

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات اور سی ٹی او راولپنڈی کی ہدایات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کا ایجوکیشن یونٹ عوام الناس میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے میں مصروف عمل، گزشتہ سال 146 ٹریفک قوانین و روڈ سیفٹی لیکچر فراہم، 46 ٹریفک آگاہی واک کا انعقاد، 1 ہزار 134 آگاہی پینا فلیکس آویزاں کرنے کیساتھ 7 ہزار (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، زیر حراست گینگز سے مسروقہ چھینے گئے موٹر سائیکل، موبائل فون اور موبائل فونز کی فروخت سے حاصل ہونے والی و دیگر رقوم برآمد

خیبر پختونخوا میں 10 ہزار اساتذہ بھرتی کرنے کا فیصلہ

پشاور (آئی آئی پی) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری اسکولوں میں عارضی بنیادوں پر 10 ہزار اساتذہ کی بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جنہیں ماہانہ 25 ہزار روپے تک تنخواہ دی جائے گی۔ صوبائی کابینہ کے فیصلے کے تحت بندوبستی اضلاع میں 5 ہزار 845 جبکہ ضم شدہ قبائلی اضلاع میں 4 ہزار 229 اساتذہ کی عارضی بھرتی کی جائے گی۔ میدانی علاقوں کے اسکولوں کے لیے اساتذہ کی تعیناتی کی مدت 16 جنوری سے 31 مئی تک ہوگی، (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

مختلف علاقوں سے 8 افراد گرفتار، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے 8 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ کارروائیاں تھانہ کینٹ، دھمیال، روات اور کلر سیداں کے علاقوں میں کی گئیں، جہاں پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ (بقیہ نمبر 51)

بھارت کو سستا روسی تیل مہنگا پڑ گیا، 500 فیصد امریکی ٹیرف کا خطرہ

نئی دلی (این این آئی) مودی کی روس سے قربت سفارتی شکست میں تبدیل ہو رہی ہے۔ امریکا نے بھارت پر 500 فیصد تک ٹیرف بڑھانے کا شکنجہ تیار کر لیا۔ سستے تیل کی لالچ نے بھارتی معیشت کو عالمی پابندیوں کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارت کے لیے روس سے سستا تیل خریدنے کی پالیسی اب سفارتی اور معاشی دباؤ میں تبدیل ہوتی نظر آ رہی ہے۔ امریکا کی جانب سے بھارتی درآمدات پر 500 فیصد (بقیہ نمبر 50)

پاکستان میں شمسی توانائی کی مانگ میں 60 فیصد سالانہ اضافہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں شمسی توانائی کی مانگ میں 60 فیصد سالانہ اضافہ ہو گیا۔ گوادر پرو کے مطابق چینی شمسی توانائی کے حل پاکستان کے صنعتی اور عوامی خدمات کے شعبوں میں تیزی سے شامل ہو رہے ہیں، جو بجلی کی فراہمی کو مستحکم کرنے، (بقیہ نمبر 52)

مارچ تک ای بز پورٹل پر سروسز کی تعداد 310 تک بڑھانے کا ہدف

یکم فروری سے ای بز پورٹل کی تمام سرکاری خدمات صرف آن لائن دستیاب ہونگی، درخواستگزار کو کسی دفتر آنے کی ضرورت نہیں ہوگی

سرکاری امور میں شفافیت اور تیزی کے لیے پنجاب حکومت کے آئی ٹی اقدامات کامیابی کی مثال ہیں، چیف سیکرٹری پنجاب

سی پی او سید خالد ہمدانی پنجاب ہائی وے پٹرول کے 22ویں یوم تاسیس کی تقریب میں شرکت کیلئے آ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ڈیجیٹل گورننس ویژن کے تحت پنجاب حکومت نے عوامی خدمات کی فراہمی کا دائرہ وسیع کرنے کیلئے ای بز پورٹل پر مارچ تک سروسز کی تعداد 310 تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ یکم فروری سے ای بز پورٹل پر فراہم کی جانے والی خدمات صرف اور صرف آن لائن ہی دستیاب ہوں گی اور درخواست گزار کو کسی بھی دفتری کام کے لیے دفتر آنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایڈمنسٹریٹو (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، راولپنڈی سمیت دیگر شہروں میں زلزلہ

لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، سوات اور شانگلہ سمیت ملک کے دیگر شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں جس کے باعث لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے (بقیہ نمبر 54)

شامی فوج اور ایس ڈی ایف کی لڑائی میں 9 شہری جاں بحق، 55 زخمی

حلب (این این آئی) شام کے شہر حلب میں سرکاری افواج اور شامی ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) کے درمیان کشیدگی میں شدید اضافہ ہو گیا ہے، ایس ڈی ایف حملوں میں 9 شہری جاں بحق اور 55 زخمی ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق دونوں فریق ایک دوسرے پر شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کے الزامات عائد کر رہے ہیں۔ ایک شامی فوجی ذریعے نے بتایا ہے کہ شامی فوج نے حلب کے شیخ مقصود اور اشرفیہ اضلاع میں ایس ڈی ایف (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن

6 پتنگ سپلائر گرفتار، 221 پتنگیں اور 16 ڈوریں برآمد کر لی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، جس کے دوران 6 افراد کو گرفتار کر کے 221 پتنگیں اور 16 ڈوریں برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 85 پتنگیں اور 2 ڈوریں برآمد کیں، صدر بیرونی پولیس نے دو افراد سے 80 پتنگیں اور 2 ڈوریں برآمد کیں، جبکہ صدر واہ پولیس نے ایک (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، زیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی پتنگیں اور ڈوریں

فیض حمید نے ہمیں یوتھ انیشی ایٹو کی وجہ سے نشانہ بنایا، رانا مشہود

لندن (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود حسین نے کہا ہے کہ فیض حمید نے ہمیں نشانہ بنایا تھا کیوں کہ ہم یوتھ انیشی ایٹو پر کام کر رہے تھے۔ میڈیا سے گفتگو میں رانا مشہود حسین نے کہا کہ جو یوتھ کا نعرہ لگاتے تھے انہیں یہ بات پسند نہیں تھی۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ انہوں نے میری زندگی خراب کرنے کی کوشش کی، آج یہ ان کے سامنے آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے گھر والوں کو نشانہ بنایا گیا، میں اب عدالت میں جا رہا ہوں۔

آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاریاں شروع، تجاویز طلب

برآمدات بڑھانے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ترجیح قرار، ٹیکس پالیسی اب وزارت خزانہ تیار کرے گی

بجٹ سازی میں تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا فیصلہ، ترجیحات بھی طے ہو گئے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے نئے بجٹ 27-2026 کی تیاریاں شروع کر دیں، حکومت نے بزنس سیکٹر سے 30 جنوری تک بجٹ تجاویز طلب کر لیں۔ ٹیکس پالیسی اب ایف بی آر کے بجائے وزارت خزانہ تیار کرے گی، ٹیکس پالیسی آفس کو ٹیکس اصلاحات کی مکمل ذمہ داری دے دی گئی، بجٹ سازی میں تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا فیصلہ، ترجیحات بھی طے ہو گئے۔ وزارت خزانہ کے مطابق برآمدات بڑھانے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ترجیح ہے، (بقیہ نمبر 58)

نجی یونیورسٹی میں طالبہ کے اقدام خودکشی کے کیس میں پیشرفت

پولیس نے خودکشی کی کوشش کے کیس میں شامل تفتیش نوجوان کو کلیئر قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) نجی یونیورسٹی میں طالبہ کی خودکشی کی کوشش کے کیس میں پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پولیس نے 21 سالہ طالبہ فاطمہ کی خودکشی کی کوشش کے کیس میں شامل تفتیش کیے گئے نوجوان کو کلیئر قرار دے دیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق واقعہ مکمل طور پر ذاتی نوعیت کا ہے اور اس میں کسی دوسرے شخص کا ملوث ہونا ثابت نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق نوجوان کی واقعے میں کوئی ذمے داری یا غفلت ثابت نہیں ہوئی۔ واضح رہے کہ طالبہ کے اقدام خودکشی پر کسی کے خلاف تا حال کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا ہے جبکہ وجوہات کا تعین کرنے کے لیے کال ریکارڈ اور دیگر شواہد اکٹھے کیے گئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ متاثرہ لڑکی (بقیہ نمبر 57)